★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

Email:dailyquwat786@gmail.com www.dailyquwat.com

جلد نمبر 15 | بدھ 6 شعبان المعظم 1446ھ، 5 فروری 2025ء 23 ماگھ 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 106

وزیراعلیٰ پنجاب لاہور میں ہارس اینڈ کیٹل شو کا 9 فروری کو افتتاح کرینگی

وزیراعلیٰ مریم نواز کی ہدایت پر ہارس اینڈ کیٹل شو کے انعقاد کیلئے سینئر منسٹر کی سربراہی میں سٹیئرنگ کمیٹی قائم کی گئی، کمیٹی گزشتہ چار ماہ سے شو کی تیاری کر رہی تھی

ہارس اینڈ کیٹل شو کسانوں سمیت پنجاب کے ہر طبقے کے لوگوں کیلئے تحفہ ہے، عالمی ٹیموں کی شرکت سے شو کو اصل حالت میں بحال کیا ہے: مریم نوازشریف

لاہور (سمیعہ فیاض) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نوازشریف نے عالمی معیار کا ہارس اینڈ کیٹل شو منعقد کرانے کا اعلان کیا تھا جس کے تحت پنجاب حکومت عالمی معیار کا ہارس اینڈ کیٹل شو منعقد کرنے جا رہی ہے۔ ہارس اینڈ کیٹل شو کا انعقاد پنجاب کی شاندار روایات، ثقافت کے فروغ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر1)



اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف اور سینیٹر پاکستانیز گلوبل فاؤنڈیشن کنونشن میں شرکت کے بعد قومی ترانے کے احترام میں کھڑے ہیں

جنوری میں مہنگائی کی شرح 9 سال کی کم ترین سطح 2.4 فیصد پر آ گئی، وزیراعظم

رمضان بارے وزارت فوڈ سیکیورٹی کو یوٹیلٹی اسٹورز کے بغیر رمضان پیکیج لانے کی ہدایت کی، پہلے کہا تھا ان کیساتھ اب یہ معاملہ نہیں چل سکتا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ جنوری میں ماہ بہ ماہ مہنگائی کی شرح 9 سال کی کم ترین سطح 2.4 فیصد پر آ گئی ہے، سعودی عرب نے ایک سال کی موخر ادائیگی پر 1.2 ارب ڈالر کا تیل درآمد کرنے کی سہولت فراہم کردی، رمضان کے حوالے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر6)

آرمی ایکٹ کے مطابق فوجی عدالتوں کے کیا اختیارات ہیں؟ جسٹس جمال مندوخیل

آرمڈ فورسز کو اکسانا اور جرم کا تعلق ڈیفنس آف پاکستان سے متعلق ہونے کو نیکسز کہا گیا، یہاں ایف بی علی کیس ایسے پڑھا گیا کہ الگ عدالت بنانے کی اجازت کا تاثر بنا

عجیب بات ہے بریگیڈیئر (ر) ایف بی علی کو ضیاالحق نے ملٹری عدالت سے سزا دی، پھر وہ جب آرمی چیف بنے تو ایف بی علی کی سزا ختم کردی، سلمان اکرم راجہ

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں سویلینز کے ملٹری ٹرائل کیس میں آئینی بینچ کے جج جسٹس جمال مندوخیل نے سوال اٹھایا ہے کہ آرمی ایکٹ کے مطابق فوجی عدالتوں کے کیا اختیارات ہیں؟ فوج سے باہر کا شخص صرف جرم کی بنیاد پر فوجی عدالت کے زمرے میں آسکتا ہے؟۔ منگل کو سپریم کورٹ میں جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں 7 رکنی آئینی بینچ نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

سرحد کا معاملہ ہو یا دہشتگردی، اس کا سارا نزلہ فوج پر گر رہا ہے، شبلی فراز

احتجاج پر گرفتاریوں سے سیاسی عدم استحکام بڑھتا، ملک کو کوئی سسٹم آگے لے کر جاسکتا ہے تو وہ جمہوریت، عوامی مینڈیٹ چرایا نہ جائے، جوڈیشل کمپلیکس میں میڈیا سے گفتگو

ایسے کیس میں آیا جس میں موجود ہی نہیں تھا، دو سال سے جاری سیاسی عدم استحکام کی وجہ سے ملک نہ صرف رکا ہوا ہے بلکہ پیچھے کی طرف جا رہا ہے: سینیٹر

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی رہنما اور سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ احتجاج پر گرفتاریوں سے سیاسی عدم استحکام بڑھتا ہے، اگر ملک کو کوئی سسٹم آگے لے کر جاسکتا ہے تو وہ جمہوریت ہے، جس میں عوامی مینڈیٹ چرایا نہ جائے۔ منگل کو اسلام آباد جوڈیشل کمپلیکس میں میڈیا سے گفتگو میں سینیٹر شبلی فراز نے کہا کہ میں ایسے کیس میں آیا جس میں موجود ہی نہیں تھا، ایسے کیسز وکلا اور رہنماؤں کو مصروف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)

پاکستان آرمی ملکی دفاع کے لیے تیار ہے: آرمی چیف

آرمی چیف کی زیرصدارت 267 ویں کور کمانڈرز کانفرنس ہوئی، شرکا نے مادر وطن کے امن کیلئے شہدائے افواج پاکستان، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور پاکستانی شہریوں کی لازوال قربانیوں کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا

بھارتی فوجی قیادت کے اشتعال انگیز کھوکھلے بیانات ان کی بڑھتی مایوسی کی نشاندہی کرتے ہیں، کسی بھی مہم جوئی کا پاکستان مکمل طاقت کے ساتھ جواب دے گا: جنرل عاصم منیر کا کور کمانڈر کانفرنس سے خطاب

راولپنڈی (ویب ڈیسک) آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے کہا ہے کہ بھارتی فوجی قیادت کے حالیہ عاقبت نااندیش اور اشتعال انگیز کھوکھلے بیانات ان کی بڑھتی ہوئی مایوسی کی نشاندہی کرتے ہیں۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے جاری بیان کے مطابق (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر3)



راولپنڈی، آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر کور کمانڈرز کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

اسلام آباد ہائیکورٹ میں نئے ججز آنے کے بعد بڑی انتظامی تبدیلیاں

جسٹس سرفراز ڈوگر کو اے ٹی سی اور احتساب عدالتوں کا انتظامی جج تعینات کیا گیا، آفس آرڈر

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ میں نئے ججز آنے کے بعد 3 بڑی انتظامی تبدیلیاں کردی گئیں۔ چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ عامر فاروق کی منظوری سے آفس آرڈر جاری کردیا گیا جس کے مطابق جسٹس محسن اختر کیانی کو ہٹا کر جسٹس سرفراز ڈوگر کو اے ٹی سی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر8s)

آزادی اظہار رائے کا احترام ضروری ہے: سپیکر پنجاب اسمبلی

ملک محمد احمد خان نے نئی اسمبلی بلڈنگ میں جدید سہولیات سے آراستہ میڈیا ہال کا افتتاح کے موقع پر سی پی اے کانفرنس کا ایجنڈا بھی جاری کردیا

لاہور (خبرنگار) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے نئی اسمبلی بلڈنگ میں جدید سہولیات سے آراستہ میڈیا ہال کا افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ میڈیا ہال کے قیام کا مقصد صحافی برادری کو بہترین سہولیات فراہم کرنا ہے تاکہ وہ اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں بہتر انداز (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)



لاہور: اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان پنجاب اسمبلی کے نئے میڈیا ہال میں پہلی سی پی اے کانفرنس کے حوالے سے میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں



راولپنڈی: صدر آصف علی زرداری نور خان ایئربیس سے چائنہ کے سرکاری دورے کیلئے روانہ ہو رہے ہیں

تحریک انصاف کی مینار پاکستان پر جلسے کیلئے درخواست پر ڈپٹی کمشنر ذاتی حیثیت میں طلب

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے تحریک انصاف کی 8 فروری (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر5)

کینسر قابل علاج مرض، مناسب احتیاط سے بچاؤ ممکن ہے، مریم نواز

نوازشریف کینسر ہسپتال میں ہر سٹیج کے ہر مریض کو مفت علاج کی سہولت فراہم کریں گے، وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نوازشریف نے کہا ہے کہ کینسر قابل علاج مرض ہے اور مناسب احتیاط سے بچاؤ بھی ممکن ہے۔ کینسر سے بچاؤ کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں وزیراعلیٰ مریم نواز کا کہنا تھا کہ کینسر کی تشخیص اور علاج کے بارے میں عوامی شعور و آگاہی اشد ضروری ہے، (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر4)



لاہور، صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

احتجاج اور جلاؤ گھیراؤ، پی ٹی آئی کارکنان پر فرد جرم کی کارروائی موخر

عدالت میں موجود ملزمان کی حاضری کے بعد کیس کی سماعت بغیر کارروائی ملتوی کردی گئی

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی کارکنان پر احتجاج اور جلاؤ گھیراؤ کی دفعات کے تحت درج مقدمے میں انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد نے ملزمان پورے نہ ہونے پر فرد جرم کی کارروائی موخر کر دی۔ منگل کو انسداد دہشتگردی عدالت کے جج طاہر عباس سپرا نے کیس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر11)

بانی پی ٹی آئی سے مشاورت کے بعد چیف الیکشن کمشنر کا نام دیں گے، عمر ایوب

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر12)

ٹرائی نیشن سیریز اور چیمپئنز ٹرافی کے تناظر میں لاہور پولیس کی جانب سے سرچ آپریشنز

لاہور (این این آئی) ٹرائی نیشن سیریز اور چیمپئنز ٹرافی کے تناظر میں لاہور پولیس کی جانب سے قیام امن کیلئے سرچ آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے، اس ضمن میں رواں سال اب (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر13)

نوازشریف کے ایکٹو ہونے سے چیزیں کنٹرول ہوسکتیں، جاوید لطیف

یہ کیسی پی ٹی آئی دشمنی تھی کہ خیبر پختونخوا میں ان کو دو تہائی سے زیادہ اکثریت دیدی گئی، لیگی رہنما

اسلام آباد (این این آئی) رہنما مسلم لیگ (ن) میاں جاوید لطیف نے کہا ہے کہ نوازشریف کے ایکٹو ہونے سے چیزیں کنٹرول ہوسکتی ہیں۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر14)

سپریم کورٹ کے باہر احتجاج، پی ٹی آئی کے حامی وکلا کی ضمانت میں توسیع

پی ٹی آئی رہنما شبلی فراز، لطیف کھوسہ و دیگر انسداد دہشتگردی عدالت اسلام آباد میں پیش ہوئے

اسلام آباد (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد نے سپریم کورٹ کے باہر احتجاج کے مقدمے میں پی ٹی آئی کے حامی وکلا کی ضمانت میں توسیع کردی۔ منگل کو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)

عمران خان کے خط پر آرمی چیف کے ردعمل کا خیرمقدم کرینگے، بیرسٹر گوہر

عمران خان نے آرمی چیف کو خط لکھا، بانی پی ٹی آئی نے خط کے مندرجات خود پڑھ کر سنائے، چیئرمین پی ٹی آئی

آرمی چیف سے ایک میٹنگ ہوئی تھی جو امن و عامہ پر تھی، اس کے سوا کوئی میٹنگ نہیں ہوئی: اڈیالہ جیل کے باہر میڈیا سے گفتگو

راولپنڈی (ویب ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے کہا کہ عمران خان کی جانب سے آرمی چیف کو لکھے خط پر ان کی طرف سے کوئی ردعمل آتا ہے تو اس کا خیر مقدم کریں گے۔ اڈیالہ جیل کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آرمی چیف سے ایک میٹنگ ہوئی تھی جو امن و عامہ پر تھی، اس کے سوا کوئی میٹنگ نہیں ہوئی۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی نے کہا انہوں نے آرمی چیف کو خط لکھا، میں نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر16)

عمران کے خط کا مقصد فوج و عوام کے درمیان فرق ڈالنا ہے، رانا ثنا

جسٹس بابر ستار و طارق جہانگیری کی تعیناتی رکوانے کیلئے پی ٹی آئی نے پوری کوشش کی، کیا اب متعلقہ چیف جسٹس، جج غلط، وہ ٹھیک ہیں؟، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے سیاسی مشیر رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کے آرمی چیف کے نام خط لکھنے کا مقصد فوج اور عوام کے درمیان فرق ڈالنا ہے۔ ایک انٹرویو میں رانا ثناء اللہ نے کہا کہ عمران خان کے اس خط کا مقصد فوج اور اس کی کمانڈ کے درمیان غلط فہمیاں پیدا کرنا ہوسکتا ہے۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ یہ خط جیل سے لکھے جا رہے ہیں یا کہیں اور سے آ رہے ہیں؟ اگر عمران خان کو سیاسی جدوجہد کرنی ہے تو اسے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

ہم نے ہمیشہ تصادم روکنے کی کوشش کی ہے، علی محمد خان

عمران خان کوشش تھی کہ سیاسی قوتیں، سر جوڑ کر بیٹھیں، خود مسائل کا حل نکالنے کی سعی کریں

اسلام آباد (این این آئی) رہنما تحریک انصاف علی محمد خان نے کہا ہے کہ ہم نے تو ہمیشہ تصادم کو روکنے کی کوشش کی ہے، عمران خان کوشش تھی کہ سیاسی قوتیں، سر جوڑ کر بیٹھیں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر30)



اسلام آباد: چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کر رہی ہیں

اعظم سواتی کی 9 مئی کے پانچ مقدمات میں عبوری ضمانت میں توسیع

لاہور (این این آئی) انسداد دہشتگردی عدالت نے 9 مئی کے پانچ مقدمات (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر29)

یوم یکجہتی کشمیر، اسٹیٹ بینک اور تمام مالیاتی ادارے (آج) بند رہیں گے

اسلام آباد/ کراچی (این این آئی) سٹیٹ بینک اور تمام مالیاتی ادارے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر31)

میکسیکو نے ٹرمپ کو تسلیم کرلیا، ٹیرف منسوخی کے بدلے سرحدی حفاظت کو بڑھایا جائے گا

میکسیکو سٹی (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے گفتگو کے بعد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر32)



لاہور: وزیراطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری 5 فروری کی تیاریوں بارے پریس کانفرنس کر رہی ہیں

کشمیریوں کو استصواب رائے کا حق ملنے تک پاکستان نامکمل ہے، طارق فضل چودھری

مقبوضہ کشمیر میں زیادتیوں پر ہم بین الاقوامی برادری کی آواز کے منتظر ہیں، لیگی رہنما کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے رہنما طارق فضل چودھری نے کہا ہے کہ کشمیریوں کو استصواب رائے کا حق ملنے تک پاکستان نامکمل ہے، مقبوضہ کشمیر میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

سیاسی عدم استحکام کے باعث ملک پیچھے کی طرف جا رہا ہے، شبلی فراز

بانی قومی لیڈر کے طور پر پریشان، اس لیے آرمی چیف کو خط لکھا، ان کو ملک کی فکر ہے، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) رہنما تحریک انصاف و سابق وفاقی وزیر شبلی فراز (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر22)



لاہور: صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر خان میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں

گزشتہ ماہ 6 لاکھ 73 ہزار سے زائد شہریوں نے ڈرائیونگ لائسنسنگ سہولیات سے فائدہ اٹھایا

لاہور (این این آئی) ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب مرزا فاران بیگ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر25)

کشمیری اپنے خون سے بہادری کی نئی تاریخ رقم کر رہے ہیں، شافع حسین

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر18)

ہمیں پاکستان میں کینسر کی تشخیص پر کام کرنا ہوگا، خواجہ سلمان رفیق

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کینسر سے آگاہی اور بچاؤ کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر19)

حفاظتی اقدامات نہ کرنے پر میپکو، پیسکو اور ٹیسکو کو ایک ایک کروڑ روپے جرمانہ

اسلام آباد (این این آئی) نیپرا نے کرنٹ لگنے سے بچاؤ کے اقدامات پر عمل درآمد نہ کرنے پر ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر21)

نریندر مودی کو بھی صدر ٹرمپ سے اگلے ہفتے ملاقات کی دعوت مل گئی

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کو بھی اگلے ہفتے ملاقات کے لیے وائٹ ہاؤس آنے کی دعوت دے دی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق وائٹ ہاؤس کی طرف سے اس دعوت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر24)

بانی نے آرمی چیف کو خط لکھا، دیکھتے ہیں کیا جواب آتا ہے، علی امین گنڈاپور

افغانستان سے بات چیت کیلئے وفد اسی ماہ بھیجیں گے، وزیراعلیٰ کے پی کے

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی نے آرمی چیف کو خط لکھا ہے، دیکھتے ہیں کیا جواب آتا ہے۔ جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ میری ایک دو دن میں پھر ملاقاتیں ہوں گی، پھر بتاؤں گا کہ معاملات نیچے آئے ہیں یا آگے بڑھے ہیں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر17)



اسلام آباد: مائنس 2 ڈگری کا پانچ رکنی وفد وزیراعظم کی کوآرڈینیٹر برائے موسمیاتی تبدیلی رومینہ خورشید سے ملاقات کر رہا ہے

پشاور ہائیکورٹ کے 10 نئے ایڈیشنل ججز نے حلف اٹھالیا، تعداد 23 ہوگئی

پشاور ہائیکورٹ کے چیف جسٹس اشتیاق ابراہیم نے نئے ایڈیشنل ججز سے حلف لیا

پشاور (این این آئی) پشاور ہائیکورٹ کے 10 نئے ایڈیشنل ججز نے اپنے عہدوں کا حلف اٹھا لیا۔ پشاور ہائیکورٹ کے چیف جسٹس اشتیاق ابراہیم نے نئے ایڈیشنل ججز سے حلف لیا، حلف برداری کی تقریب پشاور ہائیکورٹ میں منعقد ہوئی۔ جسٹس طارق آفریدی، جسٹس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر23)

وزیراعظم نے نوجوانوں کیلئے کاروبار و زرعی قرضہ اسکیم کا دائرہ بڑھا دیا

بیرون ملک روزگار پر جانیوالوں کو 10 لاکھ روپے قرض ٹریننگ، ویزا، سفری اخراجات کیلئے دیا جائیگا، اعلامیہ

قرض کا دورانیہ 5 سال اور بینک ریٹ کائیبور پلس 3 فیصد ہوگا، قرض کی فراہمی 21 سے 45 سال تک کی افرادی قوت کیلئے ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے نوجوانوں کیلئے کاروبار اور زرعی قرضہ اسکیم کا دائرہ بڑھا دیا ہے۔ جاری کیے گئے اعلامیے میں سٹیٹ بینک نے کہا کہ اس اسکیم کے تحت متوقع بیرون ملک جا رہی افرادی قوت اور لیپ ٹاپ کیلئے بھی قرض لیا جاسکے گا، لیپ ٹاپ کیلئے 4 سالہ قرض کائیبور پلس 3 فیصد بینک ریٹ پر مہیا ہوگا۔ اعلامیے میں بتایا گیا ہے کہ لیپ ٹاپ ایچ ای سی سے منظور شدہ اداروں کے 18 سے 30 سال (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر33)



لاہور: وزیرقانون پنجاب ملک صہیب احمد بھرتھ کاؤنٹر ٹیررازم کمیٹی اور ہارڈنٹ دی اسٹیٹ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر آئی ایس پی آر کا نیا نغمہ جاری

آئی ایس پی آر کا نیا نغمہ ''کشمیر بنے گا پاکستان'' گلوکار احمد جہانزیب نے گایا

راولپنڈی (این این آئی) یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر آئی ایس پی آر کا نیا نغمہ جاری کر دیا گیا۔ آئی ایس پی آر کا نیا نغمہ ''کشمیر بنے گا پاکستان'' گلوکار احمد جہانزیب نے گایا، نغمے کی دھن عر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر26)

پرویز الٰہی کیخلاف غیر قانونی بھرتیوں کا کیس، سماعت 18 فروری تک ملتوی

آئندہ اگر حاضری معافی ہوئی تو سرکاری ہسپتال کا میڈیکل پیش کریں جج انسداد دہشت گردی عدالت

لاہور (این این آئی) سابق وزیراعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی کے خلاف پنجاب اسمبلی میں غیر قانونی بھرتیوں کے کیس کی سماعت 18 فروری تک ملتوی کر دی۔ لاہور کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر27)



اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے اوورسیز پاکستانیز چوہدری سالک حسین سے فرانس کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور

سٹی نیوز

الحمراء میں مزاح سے بھرپور کھیل "پیسہ بولتا ہے" پیش کیا گیا

ایگزیکٹو ڈائریکٹر الحمرا تو قیر حیدر گلانی سے نامور اداکار خالد عباس ڈار نے انکے آفس میں ملاقات کی

لاہور (خبر نگار) لاہور آرٹس کونسل الحمراء کی طرف سے مزاح سے بھرپور کھیل "پیسہ بولتا ہے" پیش کیا گیا۔ کھیل میں نامور اداکار خالد افتخار



میں فرض دیکھایا جا رہا ہے جسے پروفیسر صدیق احمد نے تحریر کیا ہے اور قیصر جاوید نے ڈائریکٹ کیا ہے۔ جبکہ ان دنوں ایگزیکٹو ڈائریکٹر الحمراء تو قیر حیدر گلانی سے نامور اداکار خالد عباس ڈار نے ٹھارے اپنی ملاقاتوں کے جوہر دیکھائے ان کے ساتھ الحمراء ایگزیکٹو آفس پر فارمنگ آرٹس کے سربراہ شہزاد اکبر اور گلوکار ثمینہ ناز بھی موجود تھے۔ مزید برآں سیکرٹری اوقاف



اوقاف رانا زوہیب، ایکسین بلڈنگ محمد فہد منیر اوقاف زاہد اقبال اور ایس ڈی او بلڈنگ محمد حذیفہ سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے۔ مزید برآں سیکرٹری اوقاف نے



مزار شریف کے داخلی راستہ پر ٹریفک کا خاتمہ، پیدل چلنے والے زائرین کے لیے مخصوص راستے کا تعین، سرکل زون کے لیے واش اور طہارت خانے، حفاظتی پانی، پارکنگ اور پولیس چوکی کی دربار شریف کے داخلی راستے پر تعمیر کے بھی احکامات دیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ محکمہ صوبہ بھر کے مزارات کا ماڈل شرائن کے طور پر آراستہ کر رہی ہے

سیکرٹری اوقاف کا مزار بی بی پاکدامناںؒ کا دورہ

مزار مقدسہ خطے کے لوگوں کی عقیدتوں کا مرکز، یہاں سے رواداری اور انسان دوستی فروغ پاتی ہے: ڈاکٹر طاہر رضا بخاری

لاہور (صابر غوری) سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری کا مزار بی بی پاکدامناںؒ کا دورہ، مکینوں کی صفائی سمیت دربار اور بلڈنگ کا جائزہ لیا۔ مزار پلیکس کی تزئین و مرمت اور سیکیورٹی کے حوالے سے خصوصی ہدایات دیں۔ انہوں نے کہا کہ زائرین کے لیے بہترین سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ مزار شریف کے داخلی راستہ پر ٹریفک کا خاتمہ، پیدل چلنے والے زائرین کے لیے مخصوص راستے کا تعین، سرکل زون کے لیے واش اور طہارت خانے، حفاظتی پانی، پارکنگ اور پولیس چوکی کی دربار شریف کے داخلی راستے پر تعمیر کے بھی احکامات صادر کیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ محکمہ صوبہ بھر کے مزارات کا ماڈل شرائن کے طور پر آراستہ کر رہی ہے

کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کیلئے این اے سی میں پوسٹر نمائش کا انعقاد

لاہور (خبر نگار) نیشنل کالج آف آرٹس، لاہور میں یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر ایک خصوصی پوسٹر نمائش کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں طلبہ اور فنکاروں نے تخلیقی پوسٹرز کے ذریعے کشمیری عوام کے حق خودارادیت، ثقافت اور حقوق کو اجاگر کرنے اور دنیا کو بیدار کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ سٹڈی کے دوسرے طلبہ کے فن پاروں کو سراہا اور اس بات پر زور دیا کہ فن اور ثقافت کے ذریعے کشمیر کے مسئلے کو اجاگر کرنے کی کوششیں جاری رہنی چاہئیں

نیب اور پی پی آر اے (PPRA) کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط

دونوں اداروں کی مشترکہ کاوشوں سے شفافیت اور احتساب میں اضافے کی توقع ہے



اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) نیب ہیڈ کوارٹر اسلام آباد میں قومی احتساب بیورو اور پبلک پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے گئے۔ مفاہمتی یادداشت پر چیئرمین نیب لفٹیننٹ جنرل (ر) نذیر احمد بٹ اور چیف ایگزیکٹو آفیسر پبلک پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی (پی پی آر اے) اتھارٹی قاری اللہ دتہ اور پی پی آر اے کے دیگر اعلیٰ افسران نے دستخط کیے۔ مفاہمتی یادداشت پر دستخط کی تقریب میں نیب پراسیکیوشن جنرل ریٹائرڈ نذیر احمد، ڈپٹی چیئرمین نیب سہیل ناصر، پراسیکیوٹر جنرل احتساب سید احتشام قادر شاہ اور پبلک پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی (PPRA) حماد احمد ترمذی نے شرکت کی۔ مفاہمتی یادداشت پر ڈائریکٹر جنرل نیب (ایبٹ آباد) بریگیڈیئر (ر) فیاض رفیق خان، ڈائریکٹر جنرل (پی پی آر اے) (PADS-e) پیڈز ایڈمن اتھارٹی ڈائریکٹر

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
"روزنامہ قوت لاہور" (3)5فروری 2025ء

ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق کا شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ

ڈپٹی کمشنر نے ڈی ایچ کیو ہسپتال، ایم سی آفس میں سوشو اکنامک رجسٹریشن اور مختلف سکولوں کا بھی دورہ کیا



حافظ آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کرتے ہوئے تھرا پنجاب پروگرام کے تحت صفائی نظام کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ڈی ایچ کیو ہسپتال، ایم سی آفس میں سوشو اکنامک رجسٹریشن اور مختلف سکولوں کا بھی دورہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نے تھرا پنجاب پروگرام کے تحت صفائی نظام کے جائزہ کیلئے گکھڑ چوک، کموکی روڈ، ساگر روڈ سمیت شہر کے دیگر علاقوں کا دورہ کیا اور وہاں صفائی ستھرائی کے کاموں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے افسران کو صفائی نظام کو مزید بہتر بنانے کی ہدایت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے ڈی ایچ کیو ہسپتال کے دورہ کے موقع پر جنرل ایمرجنسی، چلڈرن ایمرجنسی، ٹی بی اینڈ چیسٹ کلینک سمیت ہسپتال کے مختلف شعبہ جات میں مریضوں کے علاج معالجہ کی سہولیات اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے مریضوں سے علاج معالجہ بارے فیڈ بیک بھی لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے میونسپل کمیٹی کے دفتر کا دورہ کیا جہاں انہوں نے سوشو اکنامک رجسٹریشن کے انتظامات اور مختلف مراحل کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ایم سی آفس کی مختلف برانچز کا بھی دورہ کرتے ہوئے وہاں عوامی سہولیات اور میونسپل سروسز کی ڈیلیوری کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے گورنمنٹ ایم سی گرلز پرائمری سکول نمبر 3 اور گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول نمبر 5 کا بھی دورہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے سکولوں کے دورہ کے موقع پر مجموعی تعلیمی صورتحال، سٹاف کی حاضری، امتحانی نتائج، صفائی ستھرائی اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے کلاس رومز میں جا کر طلباء وطالبات سے انکے سکول ورک بارے سوالات بھی کیے جبکہ سکول کونسلوں کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے سکولوں کے مختلف امور کا جائزہ لیا۔

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات کی روشنی میں ضلعی دفاتر میں پبلک ڈیلنگ اوقات پر سختی سے عملدرآمد جاری

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات کی روشنی میں ضلعی دفاتر میں پبلک ڈیلنگ اوقات پر سختی سے عملدرآمد جاری ہے۔ ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے پبلک ڈیلنگ اوقات کے دوران شہریوں کے مسائل سنے اور فوری کارروائی کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا ہے وزیراعلیٰ پنجاب کی خصوصی ہدایت پر تمام محکموں کے سربراہان کو پابند کیا گیا ہے کہ وہ صبح 10 بجے سے ساڑھے 11 بجے تک دفاتر میں موجود رہیں اور عوامی شکایات کا بروقت ازالہ کریں۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ اپنے مسائل کے حل کے لیے مقررہ اوقات میں دفاتر سے رجوع کریں۔ ضلعی انتظامیہ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوامی مسائل کے حل کے لیے کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ شہریوں کو یقین دلایا گیا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایات پر عملدرآمد کرتے ہوئے عوام کی سہولت کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو اور تحصیل کی سطح پر اسسٹنٹ کمشنر کی خدمات حاصل کر لی گئیں

گیسٹ ہاؤس، کیٹرنگ، ریسٹورنٹ، ٹی وی کیبلز اور انٹرنیٹ پروائیڈرز سے ڈیٹا اکٹھا کر کے ان کو ٹیکس نیٹ لایا جائے گا



سیالکوٹ (بیورو خواجہ عامر جاوید) ایڈیشنل کمشنر پنجاب ریونیو اتھارٹی انجم ریاض کھچی نے کہا ہے کہ پنجاب ریونیو اتھارٹی کا ٹیکس نیٹ بڑھانے کیلئے حکومت پنجاب کی جانب سے دی جانے والی گائیڈ لائن کے مطابق حکمت عملی تیار کر لی گئی ہے، ضلع کی سطح پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو اور تحصیل کی سطح پر اسسٹنٹ کمشنر کی خدمات حاصل کر لی گئی ہیں یہ افسران ضلع اور تحصیل کی سطح پر ایسے غیر رجسٹرڈ افراد کا ڈیٹا اکٹھا کریں گے جو تاحال ٹیکس نیٹ میں نہیں آسکے، سیلز ٹیکس آن سروس ایکٹ کے تحت شادی ہال، ہوٹل، موٹل، گیسٹ ہاؤس، کیٹرنگ، ریسٹورنٹ، ٹی وی کیبلز اور انٹرنیٹ پروائیڈرز سے ڈیٹا اکٹھا کر کے ان کو ٹیکس نیٹ لایا جائے گا۔ یہ بات انہوں نے ڈی سی آفس سیالکوٹ میں ضلعی افسران کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ایوب بخاری، اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ انعم بابر، پسرور فقیر مسیح، ڈسکہ ماہم مشتاق، سمبڑیال غلام فاطمہ اور ایس این اے حافظ ظہیر بھی موجود تھے۔

مصطفیٰ آباد: عارف میموریل ٹیچنگ ہسپتال میں فری آئی کیمپ کا انعقاد

فری آئی کیمپ ماہ فروری میں ہر ہفتہ، منگل اور جمعہ کو لگایا جائے گا

مصطفیٰ آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) عارف میموریل ٹیچنگ ہسپتال میں فری آئی کیمپ کا انعقاد، ڈاکٹر سید عبداللہ منظہر نے اپنی ٹیم کے ہمراہ مختلف مریضوں کا مکمل چیک اپ کیا، فری آئی کیمپ ماہ فروری میں ہر ہفتہ، منگل اور جمعہ کو لگایا جائے گا تفصیلات کے مطابق عارف میموریل ٹیچنگ ہسپتال میں ماہ فروری کے دوران ہر جمعہ، ہفتہ اور منگل والے دن لگایا جائے گا، چار فروری بروز منگل کو لگائے گئی فری آئی کیمپ میں ڈاکٹر سید عبداللہ منظہر ایسوسی ایٹ پروفیسر عارف میموریل ٹیچنگ ہسپتال راشد لطیف میڈیکل کالج نے اپنی ٹیم کے ہمراہ متعدد مریضوں کا فری چیک کیا، عطا رسول اسٹنٹ منیجر مارکٹنگ نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ماہ فروری کے دوران لگائے گئے فری آئی کیمپ میں مریضوں کے مکمل چیک اپ کے ساتھ ساتھ سفید موتیہ کا آپریشن، بغیر ٹیکہ وٹانکہ، فری معائنہ و داخلہ، بذریعہ لیزر، فری ادویات، فری عینک اور فری کھانا بھی فراہم کیا جائے گا، یہ فری کیمپ اہل علاقہ کے لئے کسی نعمت سے کم نہیں، ہم میڈیا کے ذریعے اہل علاقہ تک پیغام دینا چاہتے ہیں کہ، ماہ فروری کے دوران ہفتہ میں تین دن جمعہ، ہفتہ اور منگل کو فری کیمپ لگایا جائے گا، عوام آنکھوں کے حوالے سے چیک اپ کے لئے تشریف لائیں اور مستفید ہوں۔

ڈی پی او کا ضلع بھر میں قانون شکنوں کے خلاف آپریشن

معاشرتی امن کے لئے خطرہ بننے والوں کی اپ ڈیٹ لسٹیں بنانے کی ہدائت

جہلم (بیورو چیف) ڈی پی او نے ضلع بھر میں قانون شکنوں کے خلاف جاری قانونی آپریشنز کو نتیجہ خیز بنانے کے احکامات جاری کر دیئے، معاشرتی امن کے لئے خطرہ بننے والوں کی اپ ڈیٹ لسٹیں بنانے کی ہدائت، تفصیلات کے مطابق ڈی پی او طارق عزیز سندھو کا ضلع میں معاشرتی امن کے قیام، ضلع کو ہر قسم کے قانون شکنوں سے پاک کرنے پر مکمل فوکس ہے، انہوں نے ضلع بھر کے پولیس افسران کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ضلع بھر میں ہر قسم کے قانون شکنوں کے خلاف جو قانونی آپریشنز جاری ہیں انہیں مذید تیز تر کر کے مربوط حکمت عملی کے ذریعے نتیجہ خیز بنایا جائے، ان کا کہنا تھا کہ یہ سوچا بھی نہیں جا سکتا کہ پولیس کے کسی بھی قانونی آپریشن کی مخبری قانون شکنوں کو کوئی پولیس والا کرے گا، خدانخواستہ ایسا ثابت ہو گیا تو مخبری کرنے والے پولیس اہلکار کو نہ صرف محکمانہ احتساب میں پولیس رولز کے تحت سزا دی جائے گی بلکہ اسے قانون شکنوں کے ساتھ قانون کے مطابق سہولت کار کے طور پر چالان بھی کیا جائے گا، ڈی پی او طارق عزیز سندھو نے کہا کہ معاشرتی امن کا قیام و استحکام پولیس کی اولین ذمہ داری ہے، جو سماج دشمن عناصر کسی بھی حوالے سے معاشرتی امن کے لئے خطرہ بنتے ہیں انہیں قانون کے مطابق قانون کے شکنجے میں لایا جائے

بانی پی ٹی آئی عمران خان عوام کے دلوں میں بستے ہیں

موجودہ حالات میں پاکستان کو عمران خان کی ضرورت ہے: میاں اعجاز جاوید



سیالکوٹ (پریس ریلیز) پاکستان تحریک انصاف کے سٹی صدر میاں اعجاز جاوید نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان عوام کے دلوں میں بستے ہیں۔ آج سب جو ایک پیج پر جمع ہو چکے ہیں مگر جلد عمران خان عوام میں موجود ہونگے۔ موجودہ حالات میں پاکستان کو عمران خان کی ضرورت ہے غربت اور مہنگائی عوام کا جینا مشکل کر دیا ہے لوگ خودکشیوں پر مجبور ہیں عمران خان کو سیاسی مقدمات کے ذریعے قید کیا گیا ہے پر امن پی ٹی آئی کو رہا کیا جائے اور ان پر بنائے گئے جھوٹے مقدمات فوری ختم کئے جائیں۔ فروری ملی جمہوری تاریخ میں بڑی اہمیت رکھتا ہے۔ گزشتہ برس 8 فروری کو عام انتخابات کے نام پر قوم سے ڈرامہ رچایا گیا جمہوری اقدار کو روندھا گیا اور آئین کو بالائے طاق رکھتے ہوئے دھاندلی کے ذریعے پی ٹی آئی کا جمہوری مینڈیٹ چھینا گیا جس کا خمیازہ گزشتہ ایک برس سے ملک وقوم کو بھگتنا پڑ رہا ہے۔ پی ٹی آئی انتخابی دھاندلی کے ازالہ کیلئے مسلسل برسرپیکار ہے۔ پاکستان تحریک انصاف کے سٹی صدر میاں اعجاز جاوید نے 8 فروری کو امام صاحب میں جلسہ کیلئے درخواست جمع کروانے کے بعد جناح ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا۔ اس موقع پر صاحبزادہ حامد رضا، عمر جاوید خٹمن، جنرل سیکرٹری چوہدری محمد الطاف کے علاوہ کارکنان کی کثیر تعداد موجود تھی۔ میاں اعجاز جاوید نے کہا ہے کہ 26ویں آئینی ترمیم کے بعد عملاً عدالتی نظام کو محکوم بنا دیا گیا ہے۔ جب ہماری حکومت آئے گی تو 26ویں ترمیم کو ختم کریں گے۔

چیف منسٹر فوکل پرسن برائے پولیو عظمیٰ کا کردار کا سیالکوٹ کا دورہ

ضلع سیالکوٹ میں جاری پانچ روزہ قومی انسداد پولیو کا جائزہ لیا اور موبائل اور فکسڈ پولیو ٹیموں کی فیلڈ جا کر انسپکشن کی

سیالکوٹ (بیورو خواجہ عامر جاوید) چیف منسٹر فوکل پرسن برائے پولیو عظمیٰ کا کردار کا سیالکوٹ کا دورہ، ضلع سیالکوٹ میں جاری پانچ روزہ قومی انسداد پولیو کا جائزہ لیا اور موبائل اور فکسڈ پولیو ٹیموں کی فیلڈ جا کر انسپکشن کی اور بچوں کی فنگر اور گھروں کی ڈور ٹو ڈور مارکنگ کی فزیکل ویری فیکیشن کی۔ عظمیٰ کا کردار نے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے۔ عظمیٰ کا کردار نے کہا کہ دنیا کے 193 ممالک میں سے افغانستان اور پاکستان ایسے ملک ہیں جہاں ابھی تک پولیو کا موذی وائرس موجود ہے اور چند ماہ میں 73 پولیو کیسز کا سامنے آنا تشویش ناک ہے گو کہ اس میں پنجاب کا صرف ایک کیس ہے جس کے پیش نظر وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے مجھے پولیو پر فوکل پرسن کی ڈیوٹی تفویض کی ہے اور اب تک 32 ڈسٹرکٹ کا فوری کر چکی ہوں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب چاروں طرف سے پولیو متاثرہ صوبوں کے درمیان گھیرا ہوا بلوچستان، خیبر پختونخوا اور سندھ جہاں پولیو کے کیسز رپورٹ ہو رہے ہیں پبلک پنجاب میں بھی آ رہی ہے جس کی وجہ پولیو وائرس کے ٹرانسپورٹ ہونے کا خطرہ ہے اس کو مدنظر رکھتے ہوئے صوبہ پنجاب کے داخلی راستوں پر سیکیورٹی پوسٹیں قائم کی گئیں ہیں اور پنجاب داخل ہونے والے ہر بچے کی پولیو ویکسی نیشن کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صرف پنجاب کو پولیو سے محفوظ نہیں بنانا بلکہ پاکستان کو پورے پاکستان کو پولیو فری بنانے کیلئے پاکستان اور افغانستان کے ساتھ مل کر مشترکہ کوششیں کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضلع سیالکوٹ میں انوائرمنٹل وائرس کلیئرنس اور 2022 کے بعد سے لئے جانے والا کوئی کیمپل مثبت نہ آنا خوش آئند ہے لیکن ابھی احتیاط کی ضرورت ہے کیونکہ یہ وائرس بڑوں اور بچوں دونوں کے ساتھ ٹریول کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے

ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل کا شہر کا دورہ، تجاوزات کیخلاف مہم کا جائزہ

ایڈمنسٹریٹر طلحہ سعید، سی او ایم سی مظفر بیگ و دیگر افسران بھی ہمراہ تھے، ڈپٹی کمشنر نے اپنی نگرانی میں تجاوزات کو ختم کروایا



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل کا شہر کا دورہ، مختلف علاقوں بازاروں میں تجاوزات کے خلاف جاری آپریشن پر عملدرآمد کا جائزہ لیا، ایڈمنسٹریٹر طلحہ سعید، سی او ایم سی مظفر بیگ و دیگر افسران بھی ہمراہ تھے، ڈپٹی کمشنر نے اپنی نگرانی میں تجاوزات کو ختم کروایا، واٹلیشن کرنے والے دکانداروں کا سامان ضبط اور دکانوں کو سیل کرنے کے احکامات جاری کیے، اس موقع پر ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل کا کہنا تھا کہ ضلع بھر میں تجاوزات کے خلاف بلا تفریق آپریشن کیا جا رہا ہے، بازاروں گلیوں سے عارضی و پختہ تجاوزات کا مکمل خاتمہ کیا جائے گا، شہری کاروائی سے بچنے کیلئے رضا کارانہ طور تجاوزات کو ختم کر دیں، آخر میں انکا کہنا تھا کہ بازاروں کی خوبصورتی کے لیے حکومت پنجاب کے احکامات کے مطابق طے کیے گئے سائز کے بورڈ لگائے جائیں گے، علاوہ ازیں ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے ستھرا پنجاب مہم پر عملدرآمد کے جائزہ اور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی ورکنگ کو چیک کرنے کیلئے چک 14 یونین کونسل 15 کا وزٹ کیا، انہوں نے مشینری و عملہ کی ورکنگ کو چیک کیا، ڈپٹی کمشنر نے سپروائز کو تمام یونین کونسلز میں صفائی آپریشن میں تیزی لانے اور روزانہ کی بنیاد پر صفائی کروانے کی ہدایات جاری کیں۔

تجاوزات کا خاتمہ ستھرا پنجاب کی کامیابی کا منہ بولتا ثبوت ہے

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا ستھرا پنجاب ایک کامیاب منصوبہ ہے: فادر خالد رشید

فیصل آباد (سالم الیاس) بشپ آف کیتھولک چرچ کے ترجمان فادر خالد رشید عاصی نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا ستھرا پنجاب ایک کامیاب منصوبہ ہے تجاوزات کا خاتمہ ستھرا پنجاب کی کامیابی کا منہ بولتا ثبوت ہے شہریوں کی دیرینہ خواہش تھی کہ گھنٹہ کے گھر آٹھوں بازار اور اس سے ملحقہ کاروباری مراکز سے تجاوزات کو ختم کر کے کمشنر مریم خان، ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ ندیم ناصر نے شہریوں کے دل جیت لئے ہیں اب نہ صرف گاہک کا براہ راست دکاندار سے روابط بڑیں گے بلکہ کساد بازاری میں بھی بہت حد تک کمی آئیگی۔ انہوں نے کمشنر مریم خان و ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ ندیم ناصر سے ریلوے روڈ چرچ و دیگر شہر بھر کے چرچز کے سامنے تجاوزات کی نشاندہی کرتے ہوئے اپیل کی ہے کہ انتظامیہ جہاں ستھرا پنجاب کے اس کامیاب منصوبے پر کامیابی سے عمل پیرا ہے ریلوے روڈ چرچ و دیگر شہر بھر کے چرچز کے سامنے سے بھی تجاوزات کا خاتمہ ممکن بنایا جائے

پھل اور سبزیوں کی قیمتوں کو پر لگ گئے، شہریوں کی قوت خرید سے باہر

سرکاری ریٹ لسٹ ردی کی ٹوکری میں وزیراعلیٰ پنجاب سے نوٹس کا مطالبہ

گکھڑ (نامہ نگار) گکھڑ ضلعی انتظامیہ کی نااہلی کی وجہ سے گکھڑ قادرآباد اس کے گرد و نواح میں سبزی اور فروٹ کی قیمتوں کو پر لگ گئے سبزی اور فروٹ کے دکانداروں کے اپنے اپنے ریٹ جبکہ سرکاری ریٹ لسٹ ردی کی ٹوکری میں وزیراعلیٰ پنجاب سے نوٹس کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق ساہیوال ضلعی انتظامیہ اور پرائز کنٹرول مجسٹریٹ کی نااہلی اور غفلت کی وجہ سے گکھڑ قادرآباد نور شاہ یوسف والا بگڑی پل اور اس کے گرد و نواح میں سبزی اور فروٹ کی قیمتیں آؤٹ آف کنٹرول اور غریب عوام کی پہنچ سے دور سبزی اور فروٹ کے دکاندار حضرات کے اپنے اپنے ریٹ ضلعی انتظامیہ کی جاری کردہ ریٹ لسٹ نظر انداز اور ردی کی ٹوکری میں ضلعی انتظامیہ اور پرائز کنٹرول مجسٹریٹ سرکاری ریٹ لسٹ پر عمل درامد کروانے میں مکمل طور پر ناکام بدقسمتی سے ضلعی انتظامیہ اور پرائز کنٹرول مجسٹریٹ پرائز کنٹرول کرنے کی بجائے اپنے اپنے دفاتر تک محدود اور فوٹو سیشن کرنے میں مصروف گکھڑ قادرآباد کی عوام ناجائز منافع خوروں کے رحم و کرم پر گکھڑ قادرآباد کی عوام کا وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز۔ چیف سیکرٹری پنجاب کمشنر ساہیوال اور ڈپٹی کمشنر ساہیوال سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ گکھڑ قادرآباد میں جاری کردہ ریٹ لسٹ پر سبزی اور فروٹ دستیاب کروانے میں اپنا کردار ادا کریں اور ناجائز منافع خوروں کے خلاف قانونی کاروائی کر کے کیفر کردار تک پہنچایا جائے

برق رفتاری اور شفافیت سے این او سی کا اجراء حکومت پنجاب کا انقلابی اقدام ہے: ڈپٹی کمشنر ننکانہ

کاغذات نامکمل ہونے پر درخواست گزار کو نوٹس دینے اور متعلقہ افسران کو سائٹس وزٹ کرنے کے احکامات جاری کیے

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر پٹرول پمپس اور انڈسٹریل یونٹس کے لیے برق رفتاری اور شفافیت سے این او سی کا اجراء حکومت پنجاب کا انقلابی اقدام ہے۔ ان خیالات کا اظہار ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے پٹرول پمپس این او سی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل رائے ذوالفقار علی، اسسٹنٹ کمشنر وجیہہ ثمرین، بی او ضلع کونسل عامر اختر بٹ، ریسکیو 1122، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ماحولیات، سمیت دیگر کمیٹی ممبران بھی موجود تھے۔ این او سی منظوری کمیٹی میں مجموعی طور 09 کیس پیش کیے گئے، کمیٹی نے کاغذات مکمل ہونے پر 04 کیسز کے این او سی جاری کرنے اور 05 کے کاغذات نامکمل ہونے پر درخواست گزار کو نوٹس دینے اور متعلقہ افسران کو سائٹس وزٹ کرنے کے احکامات جاری کیے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ڈسٹرکٹ پٹرول پمپس کمیٹی اور ماحولیاتی منظوری کمیٹی کے اجلاس کے بعد درخواست گزاروں کو فوری فائنل این او سیز جاری کر دیے جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب کی ہدایت پر ون ونڈو سسٹم کا قیام عمل میں لایا گیا ہے جس کے تحت ہر کیس کو حکومتی ایس او پیز کے مطابق ایک ماہ کے اندر نمٹا دیا جاتا ہے۔ حکومت پنجاب کے اس انقلابی اقدام سے کاروباری سرگرمیوں کے فروغ اور نجی سیکٹر میں روزگار کے نئے مواقع پیدا ہو رہے ہیں۔

پختہ عظم سے ہی ٹارگٹ اچیومنٹ ہوتی ہے۔ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ

کڑی محنت سے منازل کا حصول ممکن ہوتا ہے۔ سی ای او وسیم الیکٹرانکس



سیالکوٹ (بیورو خواجہ عامر جاوید) پختہ عظم سے ہی ٹارگٹ اچیومنٹ ہوتی ہے محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کڑی محنت سے منازل کا حصول ممکن ہوتا ہے۔ سی ای او وسیم الیکٹرانکس۔ وسیم الیکٹرانکس کی تمام برانچوں کے بروقت ٹارگٹ اچیو ہونے پر ایک پروگرام کا انعقاد کیا گیا جس میں اعلیٰ کارکردگی دکھانے والوں کو کیش ایوارڈ دیے گئے اور خصوصی طور پر شاباش دی گئی اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے سی ای او وسیم الیکٹرانکس محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ پختہ عزم سے ہی ٹارگٹ اچیو ہو سکتے ہیں جو لوگ مضبوط عصاب کے مالک ہوتے ہیں ان کی کاوشوں سے ناہموار راستے بھی ہموار ہو جاتے ہیں زندگی میں ٹارگٹ اچیو کرنا منشور ہو تو منزلیں آسان ہو جاتی ہیں اور اکائونی پر گرفت مضبوط ہو جاتی ہے وسیم الیکٹرانکس تمام برانچوں سمبڑیال، الوکی، ریلوے روڈ سیالکوٹ، گلبہار، سوہاوہ، مین ڈسکہ، موزہ اور وزیرآباد کے تمام سٹاف کو مبارکباد دیتے ہیں جنہوں نے عمدہ اور دانشمندانہ حکمت عملی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنے ٹارگٹ کو اچیو کیا ہے محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے مزید کہا کہ اگر انسان ارادہ کر لے تو پھر اس کے لیے کوئی بھی کام مشکل نہیں ہوتا ہمارے سٹاف نہیں ہمیشہ اپنی دانشمندانہ پالیسیوں کے تحت وسیم الیکٹرانکس کی ترقی کے ساتھ ساتھ عوامی فلاح و بہبود کے لیے جو اقدام کیے ہیں وہ قابل قدر اور قابل تحسین ہیں۔

پولیس انسپکٹر صلاح دین بٹ کے ورثاء سے اظہار تعزیت

محکمہ پولیس مرحوم کے ورثاء کے ساتھ دکھ کی گھڑی میں برابر کے شریک ہیں



گوجرانوالہ (بیورو خواجہ عامر جاوید) ریجنل پولیس آفیسر طیب حفیظ چیمہ نے دوران سروس وفات پانے والے پولیس انسپکٹر صلاح دین بٹ کے گھر جا کر ان کے لواحقین سے تعزیت کی اور مرحوم کے بلند درجات کے لئے فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر آر پی او طیب حفیظ چیمہ نے مرحوم کے بچوں سے ملاقات کی اور انہیں محکمہ کی جانب سے دیے جانے والے واجبات کے متعلق آگاہ کیا اور کہا کہ محکمہ پولیس مرحوم کے ورثاء کے ساتھ دکھ کی گھڑی میں برابر کے شریک ہیں۔ ان کو ہر قسم کا تعاون کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے مزید کہا کہ پولیس انسپکٹر صلاح دین نامور پہلوان ہونے کے ساتھ ساتھ انتہائی خوش اخلاق اور فرض شناس افسر بھی تھے۔ لہذا ان کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ اس موقع پر اے ڈی آئی جی اسد محمود، اسسٹنٹ ڈائریکٹر عمران اعظم رضا، پی ایس او ماجد علی اور پولیس ترجمان عمران گجر بھی موجود تھے۔

بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین نے اے سی دفتر وزیرآباد میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا

ایس پی صدر محمد شاہد، اے سی وزیرآباد رب نواز چدھڑ، مسلم لیگ ن کے رہنما سابق ایم پی اے طلعت شوکت، امتیاز باگڑی، مستنصر گوندل بھی موجود تھے



گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) چیئرپرسن چیف منٹرز ڈائریکٹوریٹ آف اسکشنز، کیشل مانیٹرنگ اینڈ فیڈ بیک بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین نے اے سی دفتر وزیرآباد میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، شہریوں کی درخواستوں پر فوری احکامات جاری کیے، ایس ایس پی آپریشنز ڈاکٹر محمد رضا، ایس پی صدر محمد شاہد، اے سی وزیرآباد رب نواز چدھڑ، مسلم لیگ ن کے رہنما سابق ایم پی اے طلعت شوکت، امتیاز باگڑی، مستنصر گوندل بھی موجود تھے۔ چیئرپرسن چیف منٹرز ڈائریکٹوریٹ آف اسکشنز، کیشل مانیٹرنگ اینڈ فیڈ بیک بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی حکومت ہر شعبہ پر یکساں توجہ دے رہی ہے، صوبے میں تعلیم، صحت، زراعت، لائیوسٹاک سمیت دیگر شعبوں میں 80 اشی ایٹوز چل رہے ہیں جن کی مانیٹرنگ کی جا رہی ہے اور اضلاع کی رینکنگ کی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیرآباد سمیت پانچ نئے اضلاع کو جلد فنکشنل کرنے کے لیے کوشاں ہیں، وزیرآباد میں 3 ارب روپے لاگت سے سیوریج پراجیکٹ ٹینڈرنگ کے مرحلے میں داخل ہو گیا ہے، وزیرآباد بائیپاس کی تعمیر سے ٹریفک کے مسائل حل کرنے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ وزیرآباد میں سمال انڈسٹریز اسٹیٹ کے مسائل کے حل کر کے دو ماہ میں فنکشنل کرنا چاہتے ہیں، ماڈل بازار کے لیے جگہ کا انتخاب کر لیا گیا، میونسپل کمیٹی کا نیا دفتر، ریسکیو 1122 کی خدمات میں اضافہ، سیف سٹی کا قیام ترجیح ہے، صوبے میں تجاوزات کیخلاف مہم بلا تفریق چلائی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی واضح ہدایات ہیں کہ پولیس تھانوں میں شہریوں کے ساتھ بہتر رویہ اختیار کرے۔ انہوں نے سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے خلاف شکایات پر برہمی کا اظہار کیا۔

ضلع میں انسداد پولیو مہم

دوسرے روز بھی جاری

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ضلع میں انسداد پولیو مہم دوسرے روز بھی جاری، ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے مختلف علاقوں کی گلی محلوں، ہیلتھ مراکز میں جا کر مہم پر عملدرآمد کو چیک کیا، ڈپٹی کمشنر نے پولیو ٹیموں کی ڈیوٹی پر موجودگی کا جائزہ اور ریکارڈ بھی دیکھا، ڈپٹی کمشنر نے گھروں کے دروازوں پر دستک دیکر والدین سے پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو قطرے پلانے کے بارے میں دریافت اور بچوں کی انگلی پر نشانات چیک کر کے اطمینان کا اظہار کی، ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے والدین سے اپیل کی ہے کہ وہ ٹیموں سے تعاون کریں اور اپنے پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو پولیو سے محفوظ بنانے کے لئے حفاظتی قطرے پلا کر قومی ذمہ داری ادا کریں، انکا کہنا تھا کہ پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کے لئے دو قطرے ہر بچہ ہر بار ناگزیر ہیں تاکہ اس موذی مرض کا خاتمہ ممکن ہو سکے۔

ضلع سیالکوٹ میں ایک ڈیزائن کے بورڈز لگائے جائیں۔ ADCR محمد اقبال سنگھیڑا

تمام 4 تحصیلوں کی دوکانوں پر ایک طرز وحجم کے بورڈ لگائیں۔ فدا افتخار میر



سیالکوٹ (بیورو خواجہ عامر جاوید) ضلع سیالکوٹ میں ایک ڈیزائن کے بورڈز لگائے جائیں۔ ADCR محمد اقبال سنگھیڑا۔ تمام 4 تحصیلوں کی دوکانوں پر ایک طرز وحجم کے بورڈ لگائیں۔ فدا افتخار میر۔ سیالکوٹ کے طول وارض میں دوکانوں و کمرشل ہالز و تجارتی مراکز کے باہر ایک ڈیزائن، طرز اور حجم کے بورڈز لگائے جائیں۔ خلاف قانون وحجم وہیت کے حامل بورڈز مالکان کیخلاف تادیبی کاروائی کی جائے گی۔ چیف آفیسر ضلع کونسل فدا افتخار میر کا کہنا ہے کہ حکومت پنجاب کے احکامات کے مطابق ایڈمنسٹریٹر سیالکوٹ محمد اقبال سنگھیڑہ کی زیر قیادت ضلع سیالکوٹ بھر بشمول دیہی و اربن ایریاز و تمام تحصیلوں اور مضافاتی علاقوں قصبہ جات میں دوکانوں کے ایک ڈیزائن، طرز و سائز کے بورڈ نصب کیئے جائیں گے بصورت دیگر دوران چیکنگ وارننگ جرمانے وحب قانون و حسب ضابطہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔ چیف آفیسر ضلع کونسل سیالکوٹ کا مزید کہنا ہے کہ خلاف قانون جہازی سائز ومختلف ہیئت کے دوکانوں پر نصب بورڈز ناجائز تجاوزات کی زد میں آنے سے دوکانداروں کے بورڈز و دوکانیں جرمانے و انکروچمنٹ کی زد میں نہیں آئیں گے۔

اقراء اسلامک اکیڈمی وسکول سسٹم میں سالانہ تقریب کا انعقاد

تقریب میں حفظ القرآن کے شعبہ سے متعلقہ طلباء طالبات کی دستار بندی بھی کی گئی

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) کوٹ اسحاق حافظ آباد روڈ پہ واقع اقراء اسلامک اکیڈمی و سکول سسٹم میں سالانہ تقریب برائے تقسیم انعامات کا انعقاد کیا گیا۔ اس تقریب میں حفظ القرآن کے شعبہ سے متعلقہ طلباء طالبات کی دستار بندی بھی کی گئی اور انہیں خصوصی سرٹیفکیٹ اور انعامات سے نوازا گیا۔ اس پروقار تقریب میں طلبہ

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

پی ٹی آئی اور حکومت کی مذاکرات کے نام پر رسہ کشی جاری

نام تو مذاکرات کا لیا جارہا ہے لیکن اصل میں بس پوائنٹ سکورنگ ہی ہو رہی ہے اور فریقین کی طرف سے اپنے اپنے چاہنے والوں کو بتایا جارہا ہے کہ ہم نہ کسی سے ڈرتے ہیں اور نہ ہی جھکیں گے۔ پاکستان تحریک انصاف خیبر پختونخوا کے صدور رکن قومی اسمبلی جنیدا کبر خان کا تازہ بیان ہی دیکھ لیا جائے تو اندازہ ہوتا ہے کہ ہمارے سیاست دان کتنے سمجھ دار ہیں، کہتے ہیں، کوئی کسی غلط فہمی میں نہ رہے، اس بار ہم پوری تیاری کے ساتھ اسلام آباد جائیں گے۔ عمران خان نے حکم دیا تو انھیں اور عوام کو مایوس نہیں کریں گے۔ ذرائع ابلاغ سے گفتگو کرتے ہوئے انھوں نے مزید کہا کہ جس تھانے کی حدود میں پی ٹی آئی کا ورکر قید ہوگا تو ورکرز اس تھانے کی حدود میں پہنچیں گے، تمام ورکر اس تھانے کے باہر دھرنا دیں گے، میں وہی بات کرتا ہوں جو کرسکوں، میں اس طرح کے ڈرامے مزید برداشت نہیں کروں گا۔ جنیدا کبر کا کہنا تھا کہ ہم نہیں چاہتے پارٹی، اداروں یا حکومت کے ساتھ تصادم ہو، پارٹی ہدایات کے مطابق رابطے ہو رہے تھے، ہم درمیانی راستہ نکالنا چاہتے ہیں تاکہ ایک پرامن حل کی طرف جائیں۔ ادھر، قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف عمر ایوب نے حکومت اور اس کے اتحادیوں پر کڑی تنقید کرتے ہوئے کہا کہ یہ بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ملاقات نہیں کرا سکتے، ان سے مذاکرات کیا کریں؟ اپنے ایک بیان میں عمر ایوب نے کہا کہ مسلط کی گئی حکومت کے پاس کچھ نہیں ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ پنجاب حکومت پی ٹی آئی کو مینارِ پاکستان پر جلسہ کرنے کی اجازت نہیں دے رہی، پنجاب پولیس کچے کے ڈاکوؤں کا مقابلہ نہیں کرسکتی لیکن پی ٹی آئی پر چڑھ دوڑتی ہے۔ اسی طرح، پی ٹی آئی کے سیکرٹری اطلاعات شیخ وقاص اکرم نے کہا ہے کہ 8 فروری کو احتجاج پر امن، آئینی اور بڑا ہوگا۔ احتجاج ہمارا حق ہے، پتا نہیں لوگ کیوں اتنے پریشان ہیں۔ اور چیف آرگنائزر پی ٹی آئی پنجاب عالیہ حمزہ نے اپوزیشن اتحاد کے سربراہ محمود خان اچکزئی سے ملاقات میں 8 فروری کو پنجاب میں اپوزیشن کے احتجاج پر مشاورت کی۔ عالیہ حمزہ نے کہا ہے کہ 8 فروری کو پنجاب کی قیادت اور ورکرز بھرپور انداز میں نکلیں گے۔ پی ٹی آئی رہنماؤں کے مذکورہ بیانات سے پہلے ہفتے کے روز وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی یہ کہہ چکے ہیں کہ ابھی تک بانی پی ٹی آئی کے لیے امریکا سے فون کال نہیں آئی، اگر کوئی فون کال موصول ہوئی تو تب دیکھیں گے۔ مذاکرات سے متعلق پی ٹی آئی سے پوچھیں کہ کیا چاہتے ہیں، پی ٹی آئی سے درخواست کریں گے کہ 8 فروری کو جلسہ نہ کریں، اگر انھوں نے ہماری درخواست کو قبول نہ کی تو پھر وہی ہوگا جیسا پہلے ہوا تھا۔ لاہور میں ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے محسن نقوی نے مزید کہا کہ پہلے بھی پی ٹی آئی نے ایسی ہی تاریخیں طے کی تھیں۔ دوسری جانب، سپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق حکومت اور اپوزیشن کی مذاکرات کمیٹی برقرار رکھنے کا اعلان کرتے ہوئے یہ کہہ چکے ہیں کہ پی ٹی آئی کے ساتھ مذاکراتی کمیٹی تحلیل نہیں کی۔ ان کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی اور حکومت کے درمیان مذاکرات کرنے والی کمیٹیاں برقرار ہیں گی اور مجھے امید ہے کہ یہ کمیٹیاں ایک بار پھر سے مذاکرات پر آمادہ ہو جائیں گی۔ ایاز صادق قومی اسمبلی کے سپیکر ہونے کے علاوہ پاکستان مسلم لیگ (ن) کی سینئر قیادت میں بھی شامل ہیں۔ ان کی طرف سے مذاکراتی کمیٹی کو تحلیل نہ کرنے کا فیصلہ یقیناً خوش آئند ہے اور یہ بھی اچھی بات ہے کہ وہ مفاہمت پر یقین رکھتے ہوئے فریقین کو مذاکرات کے ذریعے مسائل حل کرنے کا کہہ رہے ہیں۔ سیاست میں کوئی بھی بات حرفِ آخر نہیں ہوتی اور وقت اور حالات کے مطابق سیاست دانوں کو کئی بار اپنے طے شدہ موقف میں تبدیلی کرنا پڑ جاتی ہے، یہ ایک ایسا نکتہ جو ہمارے بہت سے سیاست دانوں کو سمجھ نہیں آرہا یا وہ اسے سمجھنا نہیں چاہ رہے۔ پی ٹی آئی اور حکومت کے مابین جو مذاکرات ہو رہے ہیں ان میں بھی اس بات پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے تاکہ فریقین کو یہ بات سمجھ آسکے کہ ضد اور ہٹ دھرمی سے مسائل حل نہیں ہوں گے بلکہ اس طرح ان میں اضافہ ہوگا۔ اسی طرح، مذاکراتی کمیٹی میں شامل فریقین کے نمائندوں کو خاص طور پر اس بات پر توجہ دینی چاہیے کہ وہ ان مذاکرات کے ذریعے وہ صرف سیاسی مسائل حل نہیں کر رہے بلکہ ملک کے اندر جاری سیاسی عدم استحکام کو ختم کرنے کی ذمہ داری بھی انھی پر ہے اور یہ ایک ایسا معاملہ ہے جو معیشت کی بہتری کے لیے راہ ہموار کرے گا، لہٰذا فریقین مذاکرات کے نام پر رسہ کشی اور پوائنٹ سکورنگ کا سلسلہ بند کریں اور سنجیدگی سے مذاکرات پر توجہ دیں۔ پی ٹی آئی خیبر پختونخوا کے صدر جنیدا کبر خان اور وزیر داخلہ محسن نقوی کے بیانات معاملات کو بگاڑنے کا باعث بن سکتے ہیں، لہٰذا دونوں جانب کی سینئر قیادت کو چاہیے کہ وہ آگے بڑھ کر ایسے بیانات کا راستہ روکے۔ دونوں جانب کے ذمہ داران کو یہ بات سمجھنی چاہیے کہ یہ کوئی گلی محلے کے لڑکوں کی لڑائی نہیں بلکہ ملک کی قیادت سنبھالنے کے دعویداروں کی باہمی آویزش ہے جس سے ملک اور عوام دونوں بری طرح متاثر ہو رہے ہیں۔

تجاوزات اور ان کا خاتمہ

آج کل فیصل آباد سمیت پورے پنجاب میں تجاوزات کیخلاف آپریشن جاری وساری ہے۔ شہری اس آپریشن پر انتہائی خوش ہیں مگر کاروباری طبقہ پریشان۔ مگر یہ پریشانی عارضی ہے۔ اگر تجاوزات کے خلاف آپریشن 100 فیصد کامیاب ہو جاتا ہے اور نئے سرے سے تجاوزات نہ ہونے دی جائیں گی تو تاجر اور تمام کاروباری طبقوں میں خوشیاں لوٹ آئیں گی۔ خوشحالی کا دور دورہ شروع ہو جائے گا۔ تجاوزات کی آڑ میں جو رقم رشوت و کرپشن کی نزر ہو کر افسروں اور ماتحتوں کے حصہ میں آتی تھی وہ ختم ہو جائے گی۔ اس کی جگہ ٹیکس کی رقم حکومتی خزانہ میں جائے گی۔ جس سے ملک خوشحال ہوگا عوام کو سہولتیں میسر آئیں گی۔ مگر یہ ایک لولی پاپ دکھائی دیتا ہے۔ فیصل آباد میں یہ آپریشن شہر کے آٹھوں بازاروں سے شروع ہو کر محلوں تک پہنچ چکا ہے۔ مگر ابھی تک کسی جگہ یہ آپریشن مکمل نہیں ہوا۔ لوگ خوف میں مبتلا ہیں کہ کیا ہو رہا ہے اور کیا ہو جائے گا؟ تجاوزات ختم ہونے پر بے روزگاری بڑھ جائے گی۔ ریڑھی، چھابڑی والوں اور پھٹے لگا کر کاروبار کرنے والے سب بے روزگار ہو جائیں گے؟ دکانوں کے آگے اور فٹ پاتھ پر شو کیس یا ریک رکھ کر کاروبار کرنے والوں کا کیا بنے گا؟ وہ روزگار کے لیے اب کہاں جائیں گے؟ ان سوالات کے جوابات بھی وقت کے ساتھ ساتھ درست دکھائی دیں گے۔ فی الوقت پہلا کام تجاوزات کا خاتمہ اور شہر کا حسن بحال کرنا ہے۔ آٹھوں بازاروں کی اب جو صورتحال ہے وہ عوام الناس کے لیے خوشی کا باعث ہے۔ موٹر سائیکل سوار تک کو آٹھوں بازاروں میں داخلہ کی اجازت نہ ہے۔ صرف پیدل آجا سکتے ہیں۔ جہاں سے پیدل گزرنا مشکل تھا اب اپ وہاں فٹبال کھیل سکتے ہیں۔ اس کا سہرا ضلعی انتظامیہ، کارپوریشن ودیگر ذمہ دار اداروں کو جاتا ہے۔ جن کی کاوشوں سے تجاوزات کا خاتمہ اور شہر کی خوبصورتی ممکن نظر آرہی ہے۔ یہ آپریشن کب تک اور کہاں تک جاری رہے گا؟ کیا قبضہ مافیہ اس آپریشن کو روکنے میں اور اپنا قبضہ برقرار رکھنے میں کامیاب ہو جائیں گے؟ کیا بڑی بڑی بلائیں افسران کو ادھر ادھر کروا کر اس اپریشن کو ناکام بنا دیں گی؟ عوام یہ سوچنے پر مجبور ہیں۔ عوام الناس اس سے قبل اس طرح کے کئی آپریشن اپنی آنکھوں سے دیکھ چکے ہیں۔ قبروں کو ختم کر کے سڑک بنا دی گئی۔ مگر قبضہ مافیا کی دیواریں اب بھی قائم ہیں۔ ریلوے روڈ کو کئی بار برلبڈوز کرنے کی کوشش کی گئی مگر ہر بار مافیا نے افسران کی چھٹی کروا دی۔ ریلوے روڈ اب بھی اپنی جگہ پر ساکت و جامد ہے۔ غلام محمد آباد، سمن آباد، ڈی ٹائپ کالونی، منصور آباد۔ گلستان کالونی، جناح کالونی، مدینہ ٹاؤن، امین ٹاؤن، گلبرگ، پیپلز کالونی نمبر 1 اور پیپلز کالونی نمبر 2، ملت روڈ، گلستان کالونی میں تجاوزات کا محور ہیں۔ سمن آباد، غلام محمد آباد، ڈی ٹائپ کالونی گلستان کالونی، مدینہ ٹاؤن، و دیگر پوش ایریاز میں لوگوں نے گرین بیلٹ پر پختہ تعمیرات کر کے کار پارکنگ اور گھروں کا حصہ بنا رکھا ہے۔ جہاں یہ ممکن نو ہوا وہاں آہنی گیٹ لگا کر روڈ زکو بند کر کے قبضہ کر رکھا ہے۔ گلیوں میں واش روم اور دیگر تجاوزات کر کے لوگوں کا گزرنا بھی مشکل کر رکھا ہے۔ سوساں روڈ، ستیانہ روڈ، جڑانوالہ روڈ، شیخوپورہ روڈ، ملت روڈ، جھنگ روڈ، نڑ والا روڈ فرم تک، تیزاب مل چوک، ڈھڈی والا جلوی مارکیٹ، چھوٹی نہر تک ریڑھی چھابڑی والوں اور دکانداروں کا سڑک پر قبضہ ہے۔ جھنگ روڈ ماڈل بازار کے اردگرد سڑک کو ریڑھی چھابڑی والوں سے واگزار کروا کر نایاب کے باہر ریڑھی مارکیٹ بنا کر احسن اقدام اٹھایا گیا ہے۔ اسی طرح کلیم شہید پارک، نیشنل سکول جڑانوالا روڈ، گیٹ ستیانہ روڈ پر بھی ریڑھی بازار لگائے گئے ہیں۔ مگر ریڑھی بازار والے اپنی اپنی الاٹ شدہ جگہ کو چھوڑ کر آدھی سے زیادہ سڑک روک کر ٹریفک میں اب بھی رکاوٹ بن رہے ہیں۔ یہ انتظامیہ، کارپوریشن اداروں کی کمزوری یا پھر منتقلی سسٹم کا فروغ ہے۔ راقم الحروف دوران سروے چنیوٹ بازار انجمن تاجران کے ذمہ دار عہدیداران ڈاکٹر عتیق الرحمٰن اعوان کے آفس میں ان سے تجاوزات کے حوالے سے تبادلہ خیال کر رہے تھے کہ اسی اثنا میں راقم کا موٹر سائیکل ٹریفک سکواڈ کو تو والی اٹھا کر لے گئے۔ صرف میرا موٹر سائیکل ہی نہیں بلکہ جو بھی موٹر سائیکل بازار میں دکانوں کے آگے کھڑا تھا ان سب کو اٹھا لیا گیا۔ اس لیے کہ شہر میں موٹر سائیکل سوار کا داخلہ ممنوع ہے۔ خوشی ہوئی کوئی کام تو میرٹ پر ہو رہا ہے۔ مگر افسوس اس بات کا ہوا کہ میڈیسن مارکیٹ۔ پریس مارکیٹ اور گول بازاروں میں موٹر سائیکل پارکنگ اس حد تک کی گئی ہے کہ پیدل چلنا بھی مشکل ہے۔ ان کیخلاف کوئی کاروائی نہیں۔ صرف اور صرف آٹھ بازاروں میں پابندی ہے۔ ملحقہ مارکیٹس میں بالکل نہیں یہ غلط اور خلاف قانون ہے۔ جب بات آٹھ بازاروں کی ہے تو تمام جملہ و ملحقہ مارکیٹس ان بازاروں میں موجود ہیں۔ اطلاق سب پر ہونا چاہیے۔ عوام تجاوزات کے خلاف آپریشن پر انتہائی خوش ہیں۔ حکومت اور انتظامیہ کی اس کاوش پر وزیراعلیٰ پنجاب کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ مگر کارپوریشن کی کرپشن و منتقلی سسٹم سے ڈر اور خوف میں مبتلا ہیں کہ آج کی مبارک باد کہیں کل واپس لینا نہ پڑ جائے۔ عوام یہ چاہتے ہیں کہ اس آپریشن کو گلیوں، بازاروں، کالونیوں، ٹاؤنز اور محلوں تک مکمل طور پر پھیلایا جائے اور ہر کسی سے قبضہ چھڑوا کر تجاوزات سے پاک کیا جائے۔ وہ پیتک کسی نے کوئی سرکاری کھال پر تجاوزات کر رکھی ہوں یا کوئی سرکاری املاک پر، بازاروں میں یا گلیوں میں تجاوزات کی صورت میں قبضہ کر رکھا ہو۔ سب سے واگزار کروایا جائے اور دوبارہ کسی کو تجاوزات نہ کرنے دی جائے قبضہ مافیا کو نکیل ڈالی جائے۔ سیاست و سفارش کو بالائے طاق رکھ کر میرٹ پر کام کیا جائے اور حکومتی اقدام قبول کرتے ہوئے ملک اور قوم کی بہتری کے لئے حکومت، انتظامیہ اور اداروں کا ساتھ دیا جائے۔ صاف ستھرا پنجاب تب ہی ممکن ہوگا جب عوام قانون پر عمل درآمد کریں اور ادارے آئین کو پامال نہ کریں۔ اپنے اپنے اختیارات سے کوئی بھی تجاوت نہ کرے تجاوزات کیخلاف اچھے اور بہترین کام پر عوام ضلعی انتظامیہ، میونسپل کارپوریشن و جملہ اداروں اور حکومت کیساتھ کندھے سے کندھا ملا کر چلنے کا عزم رکھتے ہیں اور حکومت کو سیلوٹ کرتے ہیں مگر عوام یہ توقع پھر بھی رکھتے ہیں کہ تجاوزات کے خلاف آپریشن بغیر کسی سیاست و سفارش کے بلا تفریق جاری و ساری رہنا چاہیے۔ تجاوزات سے پاک ہونے پر ہی شہروں کا حسن و خوبصورتی ہے۔



کشمیریوں کا قتل عام، ایک عالمی انسانی مسئلہ

تحریر: ڈاکٹر ساجد خاکوانی

5 فروری یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر خصوصی تحریر

کیا انسان نے ترقی کر لی ہے؟؟؟ ہر نومولود کے ذہن میں پیدا ہونے والا بنیادی یہ بنیادی سوال ہے۔ انسان اور حیوان میں بہت سے فرق ہیں، ان میں سے ایک بنیادی فرق یہ بھی ہے کہ انسان ارتقا پزیر ہیں جب کہ جانور صدیوں پرانی بودوباش کے حامل ہیں اور ان میں ارتقا ناپید ہے۔ انسان کا ہر گزرتا ہوا لمحہ گزشتہ سے متغیر ہے۔ صدیوں پہلے کے انسان سے آج کے انسان کا فرق تو بہتیرا فرق ہے جب کہ چند دن یا چند ہفتے یا چند مہینوں پہلے کے انسان میں اور آج کے انسان میں تغیر کو واضع طور پر محسوس کیا جاسکتا ہے۔ یہ تغیر ہی فیصلہ کرے گا کہ انسان نے ترقی کی ہے یا ابھی بھی تنزلی اور شکست و ریخت کا شکار ہے۔ ماضی میں انسان مقبوضہ علاقوں پر قبضہ کرنے کے بعد قتل و غارت گری، لوٹ مار اور من مرضی کے فیصلے مسلط کرتا تھا، آج کا سیکولرازم بھیما ضی کی یاد تازہ کر رہا ہے بلکہ غیر مہذب دور سے سے بھی قبل کے انسان سے زیادہ مار دھار قتل و غارت گری اور تباہی و بربادی دیکھنے کو مل رہی ہے۔ فرق اتنا ہے کہ ماضی میں فرد واحد یا خاندان یا کسی فوج کا کمانڈر اپنے حکم سے یہ فیصلے نافذ کرتا تھا اور اب حکومتی ایوانوں میں انسانوں پر بم برسا کر انہیں کرہ ارض سے نیست و نابود کرنے کے فیصلے کر لیے جاتے ہیں اور اقوام متحدہ سے ان فیصلوں کی تصدیق بھی کروالی جاتی ہے۔ ماضی میں مفتوح اقوام کے افراد کو لونڈی غلام بنالیا جاتا تھا اور انسانیمنڈیوں میں ان انسانوں کی خرید و فروخت کی جاتی تھی جب کہ آج کا سیکولرازم بھی مفتوح اقوام کو بحیثیت قوم کے اپنا غلام بنالیتا ہے اور افراد کی بجائے اقوام کو غلامی کی اندھی غار میں دھکیل دیا جاتا ہے۔ سیکولرازم اپنی انسان دشمنی میں ماضی کے غیر مہذب انسان سے بھی چند ہاتھ آگے نکل چکا ہے کہ عالمی مالیاتی اداروں میں قوموں اور ملکوں کی بولیاں لگتی ہیں اور ان مفتوح ممالک کے اثاثے اونے پونے داموں خرید کر انہیں کسی قابل استعمال شکل میں لا کر انہیں قوموں کو بڑھتے چڑھتے سود کے عوض اس طرح فروخت کر دیا جاتا ہے ان کا ہر پیدا ہونے والا بچہ اپنی گردن میں سودی غلامی، تہذیبی غلامی، تعلیمی غلامی، دفاعی غلامی، ثقافتیغلامی اور ان سب پر مستزاد ذہنی غلامی کے طوق اپنی گردن میں ڈالے اس دنیا میں داخل ہوتا ہے۔ بھارت کا سیکولرازم تو دنیا بھر کے ظلم و ستم سے بھی کہیں آگے نکل کر جنگل کی یاد تازہ کر رہا ہے۔ جنگل میں بھی شاید کوئی قانون پیش نظر رکھا جاتا ہو کہ ایک ہی نسل کے جانور کم از کم اپنی نوع کو تو درندگی و سفاکیت سے محفوظ رکھتے ہیں، بھارت میں تو کل ریاست کے اندر عام طور پر اور کشمیر میں خاص طور پر برہمن راج نے کل عوام پر ظلم و جور، زور زبردستی اور ننگ انسانیت مظالم کے وہ باب رقم کیے ہیں جنگلی درندوں کو بھی اس پر شرم آئے۔ مسلمان اور دیگر مذاہب کے پیروکار جہاں براہ راست برہمن کی چیرہ دستیوں کا شکار ہیں وہاں ان کے ہم مذہب چھوٹی ذاتوں کے ہندو بھی ان کے نسلی تعصب کا بدترین شکار ہیں۔ کل ریاست میں برہمن راج نے ایک اندھیر نگری مچا رکھی ہے، جس نوجوان کو چاہے گھروں سے اٹھا کر غائب کر دیا جاتا ہے، انہیں سالہا سال تک عقوبت خانوں زیر حراست رکھ کر بدترین حیوانی تشدد کیا جاتا ہے، ایسا تشدد کہ جس سے اونٹ اور ہاتھی بھی بلک اٹھیں۔ ان نوجوانوں کے لواحقین قبر کی دہلیز تک اپنے پیاروں کا انتظار کرتے کرتے ہمیشہ کی نیند سو جاتے ہیں لیکن ریاست کا کوئی ادارہ ان کی دادرسی کرنے کو تیار نہیں ہوتا۔ بہت خوش قسمت نوجوان ہوتے ہیں جن کے کٹے پھٹے اور ستم رسیدہ لاشے ان کے ورثا کو مل جاتے ہیں اور انہیں یک گونہ تسکین میسر آجاتی ہے اور کم از کم گوگو کی کیفیت سے ان کی جاں خلاصی ہو جاتی ہے۔ ماضی کی دل دہلا لینے والے مظالم کی کہانیوں سے کم از کم صنف نازک تو محفوظ تھی لیکن بھارتی سیکولرازم نے تو اہل پردہ کو بھی اپنی سنگینوں کی نوک پر لا رکھا ہے اور کشمیر میں خاص طور پر خواتین پر بھی بے پناہ تشدد کر کے انہیں ہلاک کر دیا جاتا ہے یا سر بازار انہیں ریڑھ کی گومیوں کا نشانہ بنا کر تاحیات معذوری کی زندگی گزارنے پر مجبور کر دیا جاتا ہے۔ کشمیر سے تو کچھ بچی کھچی خبریں عالمی ذرائع ابلاغ تک پہنچ ہی جاتی ہیں لیکن بھارت کے دور دراز علاقوں میں ہونے والی ریاستی دہشت گردی کی تو کوئی اطلاع بھی باہر نہیں نکل پاتی، تب وہاں برہمن ذہنیت نے ظلم کے کیا کیا پہاڑ توڑے ہوں گے، سوچ کر ہی رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ اگست 1947 سے تادم تحریر کشمیریوں کی تیسری نسل ہے جو برہمن کی چکی میں پستی چلی آرہی ہے۔ کشمیریوں کی تحریک آزادی کو کچلنے کے لیے طاقت کا ہر انداز اپنا چکے، اندھی قوت جھونکنے کے تمام تجربات ہو چکے، جھوٹ فریب اور دغابازی کی ساری کاروائیاں بھی کھیلی جا چکیں لیکن سلام ہے ان مجاہدین آزادی کشمیر کو جنہوں نے آزادی کی قیمت پر کسی لالچ میں نہیں آئے۔ کم و بیش تمام عالمی اداروں تک کشمیریوں کی صدائے آزادی پہنچی یا پہنچائی گئی لیکن بھارت کے ہم مسلک عالمی ادارے بھی چونکہ سیکولرازم کے پیروکار ہیں اس لیے ان اداروں کی قیادت اور دیگر عالمی امن کے ٹھیکیداروں کو اسلامی دنیا میں فرضی ہتھیاروں کی بنیاد پر متوقع انسانی حقوق کی پامالیاں تو اس قدر کھٹکتی ہیں کہ انسانیت کا دردان کی فوجوں کو عراق پر چڑھا لے گیا۔ لیکن کشمیر میں انسانی خون کی ندیاں بھارت کے خلاف ان کی زبان سے ایک بیان تک دلانے میں ناکام رہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ دنیا کی سیکولر قیادت قوم شعیب کے لوگ ہیں، جن کے اپنے لیے پیمانے اور دوسروں کے لیے پیمانوں میں بعد الشرقین ہے۔ ان کے ملکوں میں ایک جانور بھی کہیں جان کی بازی ہارتا ہوا محسوس ہو تو ساری ریاستی قوت اس کو بچانے میں مصروف عمل ہو جاتی ہے، لیکن ان کے زیر تسلط دنیا میں کسی انسانی بستیوں کی چیخ و پکار آسمان تک پہنچ کر عرش کے پائے تو ہلا سکتی ہے لیکن ان کے کانوں تک اس کی رسائی ناممکنات عالم میں سے ہے۔ یہ اندھے، بہرے اور گونگے لوگ ہیں، ان کی آنکھوں پر سیکولرازم نے پردے ڈال رکھے ہیں اور ان کے دلوں پر مہر لگ چکی ہے یہ کبھی پلٹنے والے نہیں ہیں۔ کشمیری اقوام اللہ تعالی کے اس حکم کی مسلسل فرمانبرداری میں لگے ہیں کہ کفر کے ان اماموں کو قتل کر دو۔ کشمیری قیادت اور کشمیری عوام نے ہر موقع پر بھارت سے برملا برات کا اظہار کیا ہے۔ بھارتی یوم جمہوریہ ہو یا بھارتی یوم آزادی ہو یا کوئی اور بھارتی حکومت کے خاص ایام میں سے کوئی دن ہو، کشمیریوں نے وہ دن سڑکوں پر گزارا ہے اور مردوں کے شانہ بشانہ عورتوں اور بچوں نے بھی بھارتی افواج کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر ان کا مقابلہ کیا ہے اور ظالم حکمران کے سامنے کلمہ آزادی کا نعرہ تکبیر بلند کیا ہے۔ بھارت سے کشمیریوں کی نفرت کا یہ عالم ہے کہ بھارتی آئین کے تحت ہونے والے انتخابات والے دن کشمیری آبادیوں میں ویرانیاں رپورٹ ہوتی ہیں اور بھارتی حکومتی دسترس سے بچ کر وہاں پہنچ سکنے والا خوش قسمت کیمرہ ان گلیوں اور سڑکوں کو دکھا رہا ہوتا ہے کہ ایک فیصد کشمیری بھی گھروں سے باہر نکل کر انتخاب رائے دہی استعمال کرنے سے گریزاں ہوتے ہیں۔ کشمیر سے گرفتار کیے گئے نوجوانوں کو کشمیر کی بجائے دوسرے علاقوں کے قیدخانوں میں صرف اس لیے رکھا جاتا ہے ان کے رشتہ داروں کو ذہنی و جسمانی اذیت پہنچائی جاسکے کہ انہیں مقدمات کی پیروائی اور ملاقاتوں کے لیے لمبے لمبے سفر کرنے پڑیں۔ حتی کہ آسمان نے وہ دن بھی دیکھے کہ ظالم برہمن کے انسان دشمن سیکولرازم نے جیل میں کشمیریوں کو تنخواہ دار پرلٹکا کر ان کی شکل تک رشتہ داروں کو دیکھنے نہ دی۔ کشمیریوں کے اندر بھارت کے خلاف نفرین کا ایک آتش فشاں ہے جو چپکے چپکے جا رہا ہے اور نوجوان نسل نے سوشل میڈیا پر سیکولر طاغوت کے خلاف ایک بھرپور جنگ کا اعلان کر رکھا ہے، چنانچہ حکومت جن مظالم پر پردہ ڈالنے کے لیے عالمی خبر رساں اداروں کو جہاں تک رسائی نہیں دیتی، کشمیر کے نوجوان وہاں کی ریاستی دہشت گردی کو چشم زدن میں پوری دنیا تک پہنچا دیتے ہیں اور اب تک کئی عالمی اداروں میں بھارتی نمائندوں کو ان اطلاعات پر صرف شرمندگی و ندامت کے سوا کچھ حاصل نہیں ہو پایا۔ پاکستان کا مطلب کیا لا الہ الا اللہ سے شروع ہونی والی تحریک پاکستان آج پاکستان سے رشتہ کیا لا الہ الا اللہ کی گونج میں کشمیر کی وادیوں کے اندر سرگرم ہے۔ کشمیر کی آزادی کا یہ قافلہ سخت جاں منزل بہ منزل اور کہیں آبشاروں کی شکل میں شور مچاتا ہوا تو کہیں گھاس کے اندر انتہائی غیر محسوس انداز میں خاموشی سے چلتا ہوا بڑی تیزی سے اپنی منزل کی طرف گامزن ہے۔ قیام پاکستان سے شہدا حق کے جس قافلے نے رخت سفر باندھا تھا کشمیر کی وادیوں میں تکمیل پاکستان کی منزل تک اس قافلے کی تجدید دن بدن جاری ہے اور سرخ خون سے امت کی آبیاری مکہ و طائف سے ہوتی ہوئی، بدر وحنین اور کربلا کے صدیوں بعد تک آج بھی تائید ایزدی کے تیقن کے ساتھ حیات جاودانی کی طرف روبہ منزل ہے۔ شہدائے کشمیر آج بھی صدا بلب ہیں کہ کیا پاکستان کا مقصد حصول تکمیل پزیر ہوا ؟؟؟ کیا علامہ اقبال کا خواب شرمندہ تعبیر ہوا ؟؟؟ اور کیا قائداعظم کے منشا و مرضی کے مطابق کتاب اللہ کو اس خداداد مملک اسلامیہ میں قانون و آئین کا درجہ حاصل ہے؟؟؟ ان سوالوں کا جواب نوشتہ دیوار ہے جو چاہے پڑھ لے۔ پاکستانی قوم آج بھی ایک اچھی، دیانتدار اور جرات مند قیادت کی منتظر ہے جو کشمیر کے الحاق پاکستان کی ضامن ہو اور ظلم کو اپنے آہنی ایٹمی ہاتھوں سے روک دینے کا جذبہ و جرات رکھتی ہو۔ پھر صرف کشمیر ہی کیا برما، شیشان اور افریقہ سمیت کل امت مسلمہ کی نجات دہندہ اسلام آباد سے ابھرنے والی قیادت ہوگی جو کل انسانیت کو سیکولرازم کے مکروفریب سے نجات دلائے گی، انشاءاللہ تعالی۔

موسمیاتی تبدیلی اور فضائی آلودگی

موسمیاتی تبدیلی دنیا بھر میں بسنے والے انسانوں کیلئے سنگین مسئلہ بن چکی ہے۔ ماہرین کے مطابق موسمیاتی تبدیلی دنیا کے مختلف ممالک کو شدید متاثر کرسکتی ہے، گلوبل وارمنگ، گلیشیرز کا پگھلنا، سمندر کی سطح میں اضافہ، شدید طوفان اور خشک سالی جیسے عوامل ان ممالک کی معیشت، زراعت اور انسانی آبادیوں پر خطرناک حد تک منفی اور نقصان دہ اثرات پیدا کر رہے ہیں۔ مختلف ممالک میں رہنے کے باوجود انسانوں کی ضروریات ایک دوسرے کے ساتھ جڑی ہیں لہٰذا کسی ایک ملک کی زراعت یا معیشت متاثر ہونے سے دیگر کئی ممالک کو بھی کئی قسم کی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ موسمیاتی تبدیلی کی وجہ سے جن ممالک کو سب سے زیادہ خطرات ہیں اُن میں بنگلہ دیش پہلے نمبر ہے، پاکستان دوسرے، بھارت تیسرے، صومالیہ چوتھے، فلپائن پانچویں، مالدیپ چھٹے اور میکسیکو ساتویں، بنگلہ دیش دنیا کے ان ممالک میں شامل ہے جہاں موسمیاتی تبدیلیوں کے سبب ہر سال مون سون کے دوران شدید بارشوں اور طوفانوں کی وجہ سے لاکھوں لوگ بے گھر ہو جاتے ہیں۔ سمندری سطح میں اضافے کی وجہ سے ساحلی علاقے ڈوبنے کا خطرہ ہے۔ پاکستان میں حالیہ برسوں میں شدید گرمی کی غیر متوقع اور غیر معمولی لہریں، غیر متوقع بارشیں، معمول سے کم بارشیں اور کبھی تباہی مچاتے سیلاب آچکے ہیں۔ 2022ء میں آنے والے تباہ کن سیلاب نے ملک کا ایک تہائی حصہ ڈبو دیا تھا، جس سے لاکھوں لوگ متاثر ہوئے۔ گلگت بلتستان اور خیبر پختونخواہ میں گلیشیئرز کے تیزی کے ساتھ پگھلنے سے مستقبل میں پانی کی شدید قلت پیدا ہونے کے شدید خطرات بتائے جارہے ہیں۔ بھارت میں بھی ہر سال درجہ حرارت میں اضافہ ہو رہا ہے، جس سے شدید گرمی کی لہریں انسانی جانوں کے لیے خطرہ بن رہی ہیں۔ ممبئی، کولکتہ اور چنئی جیسے ساحلی شہروں کو سمندری سطح میں غیر معمولی اضافے کا سامنا ہے، غیر متوقع بارشوں اور خشک سالی نے زرعی پیداوار کو متاثر کیا ہے۔ اسی طرح پاکستان سمیت دنیا کے دیگر کئی ممالک کو موسمیاتی تبدیلی کے سبب شدید موسم اور قدرتی آفات، زراعت اور صنعتوں کو شدید نقصان کا سامنا ہے، جس سے اُن ممالک کی معیشت کمزور ہو رہی ہے، بارش کے غیر متوقع پیٹرن اور درجہ حرارت میں اضافے کی وجہ سے زرعی پیداوار متاثر ہو رہی ہے، جس سے دنیا میں خوراک کی قلت پیدا ہو رہی ہے۔ شدید گرمی، پانی اور فضائی کی آلودگی، اور وبائی امراض کی شرح میں اضافہ ہو رہا ہے۔ فضائی آلودگی میں بے پناہ اضافہ بھی انسانی زندگی کیلئے عظیم خطرہ بن چکا ہے، پاکستان فضائی آلودگی کے اعتبار سے بھی کبھی پہلے تو کبھی دوسرے نمبر پر دیکھائی دیتا ہے۔ شہر لاہور کو پاکستان کا ثقافتی دارالحکومت کہا جاتا ہے جسے گزشتہ کئی سالوں سے شدید فضائی آلودگی نے اپنی لپیٹ میں لے رکھا ہے، مختلف حکومتوں کے اقدامات اور عدلیہ کے احکامات کے باوجود لاہور میں فضائی آلودگی دن بدن بڑھتی جارہی ہے، بدانتظامی اور بدقسمتی سے لاہور دنیا کے آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں شامل ہو چکا ہے، جہاں دھند اور سموگ (smog) معمول بن چکے ہیں۔ یہ آلودگی نہ صرف شہریوں کی صحت کے لیے خطرہ ہے بلکہ معیشت، ماحول اور روزمرہ زندگی پر بھی منفی اثر ڈال رہی ہے۔ بڑھتی آبادی کے سبب لاہور میں گاڑیوں کی تعداد تیزی سے بڑھ رہی ہے زہریلا دھواں چھوڑتی پرانی ناقص معیار کی گاڑیاں اور موٹر سائیکلیں، غیر معیاری ایندھن کا استعمال جو کاربن مونو آکسائیڈ، نائٹروجن آکسائیڈ اور سلفر ڈائی آکسائیڈ جیسی زہریلی گیس کے اخراج کا سبب ہیں۔ کوئلہ، پلاسٹک اور دیگر مضر مواد جلا کر توانائی پیدا کرنے والے بے شمار کارخانے اور فیکٹریاں اندرون لاہور اور گردونواح میں موجود ہیں جو بغیر کسی فلٹریشن کے فضاء میں آلودہ ذرات چھوڑتی ہیں۔ بھارت کے مختلف علاقوں میں کسان فصلوں کی باقیات جلاتے ہیں جس سے زہریلا دھواں پیدا ہوتا ہے جو لا



قوت

SHOWBIZ



لاہور: کھیلتا پنجاب گیمز کے فائنل مرحلے میں گرلز ہاکی کے فائنل میچ کا منظر

فہیم اشرف اور خوشدل شاہ کی سلیکشن سمجھ سے بالاتر ہے، وسیم اکرم

قومی ٹیم کے سابق کپتان کا دونوں کھلاڑیوں کی سلیکشن پر اعتراض کے باوجود قوم سے ان کی سپورٹ کرنے کا مطالبہ

لاہور (میاں شہروز سے) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان وسیم اکرم نے چیمپئنز ٹرافی کے لیے قومی ٹیم میں فہیم اشرف اور خوشدل شاہ کی اچانک سلیکشن کو سمجھ سے بالاتر قرار دے دیا۔ پاکستان کے لیجنڈری کرکٹر اور سابق فاسٹ باؤلر وسیم اکرم نے ایک تقریب کے دوران میڈیا سے بات کرتے ہوئے چیمپئنز ٹرافی 2025 کے لیے قومی اسکواڈ میں منتخب ہونے والے کھلاڑیوں کی سلیکشن کو سمجھ سے بالاتر قرار دے دیا۔ انہوں نے کہا کہ فہیم اشرف میں ٹیلنٹ ہے لیکن پچھلے 20 میچوں میں ان کی باؤلنگ کی اوسط 100 کی ہے اور بیٹنگ کی ایوریج صرف 9 کی ہے، پتہ نہیں ان کی سلیکشن کیسے ہوئی اور ایسے ہی خوشدل شاہ کا بھی سمجھ نہیں آیا کہ کیسے ٹیم میں منتخب ہو گئے۔ قومی ٹیم کے سابق کپتان نے دونوں کھلاڑیوں کی سلیکشن پر اعتراض کے باوجود قوم سے ان کی سپورٹ کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ اب اسکواڈ منتخب ہو گیا ہے تو ہمیں ان کی سپورٹ کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے اسکواڈ میں صرف ایک اسپنر کو شامل کیا ہے جب کہ بھارت نے 4 اسپنرز کو اپنے اسکواڈ میں رکھا ہے تاہم اب اسکواڈ کا اعلان کر دیا گیا ہے تو ہماری نیک تمنائیں ٹیم کے ساتھ ہیں۔ وسیم اکرم نے کہا کہ پاکستان کو بلاشبہ ہوم گراؤنڈ کا فائدہ تو ہوگا اور ہم امید کر رہے ہیں کہ وہ سیمی فائنل تک تو ضرور پہنچیں۔ انہوں نے کہا کہ قومی ٹیم کو اوپننگ کا بھی مسئلہ آئے گا، ایک کام تو اچھا کیا کہ ریگولر اوپننگ بلے باز فخر زمان کو ٹیم میں واپس لے آئے جو اس وقت دنیا میں وائٹ بال کے بہترین بیٹر ہیں لیکن اب دیکھنا ہے کہ ان کے ساتھ اننگز کا آغاز کون کرے گا۔ واضح رہے کہ پاکستان کرکٹ بورڈ کی سلیکشن کمیٹی کی جانب سے دو روز قبل چیمپئنز ٹرافی کے لیے قومی ٹیم کا اعلان کیا گیا تھا جس میں حیران کن طور پر فہیم اشرف اور خوشدل شاہ کو شامل کیا گیا جو مستقبل کے پلان میں بھی شامل نہیں تھے۔ آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی 2025 کے لیے 15 رکنی اسکواڈ میں عبداللہ شفیق، محمد عرفان خان، صائم ایوب اور سفیان مقیم کی جگہ فہیم اشرف، فخر زمان، خوشدل شاہ اور سعود شکیل کو شامل کیا گیا ہے۔ چیمپئنز ٹرافی پاکستان میں 19 فروری سے 9 مارچ تک منعقد ہوگی۔ ایک کام تو اچھا کیا کہ ریگولر اوپننگ بلے باز فخر زمان کو ٹیم میں واپس لے آئے جو اس وقت دنیا میں وائٹ بال کے بہترین بیٹر ہیں لیکن اب دیکھنا ہے کہ ان کے ساتھ اننگز کا آغاز کون کرے گا



لاہور: کھیلتا پنجاب گیمز کے فائنل مرحلے میں باسکٹ بال گرلز کے فائنل میچ کا منظر

روی شاستری کی آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کے فائنل سے متعلق پیشگوئی

بھارت اور آسٹریلیا کو فائنلسٹ ٹیموں کے لیے نظر انداز نہیں کیا جا سکتا

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کے سابق کرکٹر اور معروف کمنٹیٹر روی شاستری نے آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کے فائنل سے متعلق پیشگوئی کی ہے۔ روی شاستری نے آئی سی سی ریویو میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ بھارت اور آسٹریلیا وہ دو ٹیمیں ہیں جو چیمپئنز ٹرافی 2025 کا فائنل کھیل سکتی ہیں۔ انہوں نے مختصراً گفتگو میں کہا ہندوستان اور آسٹریلیا میگا ٹورنامنٹس میں ہمیشہ ہی بہت شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہیں، تاریخ دیکھی جائے تو یہ دونوں فائنل کے لیے کوالیفائی کر سکتے ہیں۔ شاستری نے کھلاڑیوں کے معیار کا بھی ذکر کیا جو اس وقت دونوں ٹیموں کے پاس ہیں۔ اس کے علاوہ 62 سالہ سابق کرکٹر نے جنوبی افریقا اور انگلینڈ سے متعلق کہا کہ یہ دونوں وہ ٹیمیں ہو سکتی ہیں جو سیمی فائنل کھیلیں گی۔ واضح رہے کہ اسی قسط میں گفتگو کرتے ہوئے سابق آسٹریلوی کپتان رکی پونٹنگ نے بھی آسٹریلیا اور بھارت کے درمیان آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کا فائنل میچ ہونے کی پیشگوئی کی تھی تاہم ساتھ انہوں نے یہ بھی خبردار کیا تھا کہ پاکستانی ٹیم دونوں ٹیموں کے لیے چیلنج بنے گی۔ انہوں نے کہا کہ بھارت اور آسٹریلیا کو فائنلسٹ ٹیموں کے لیے نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ واضح رہے کہ ٹورنامنٹ کا آغاز 19 فروری سے پاکستان اور یو اے ای میں ہونے جا رہا ہے جس میں آٹھ ٹیمیں ایک دوسرے کے مدمقابل ہوں گی۔

اعظم خان میچ ونگ کھلاڑی ہیں جس سے مخالف ڈرتے ہیں، جام فوسٹر

دبئی (این این آئی) ڈیزرٹ وائپرز کے ہیڈ کوچ جام فوسٹر کو اس بات کا قوی یقین ہے کہ انتہائی باصلاحیت اور میچ ونگ پاکستانی بلے باز اعظم خان ٹیم کیلئے آمدہ میچوں میں اپنی صلاحیتوں کے مطابق کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔ وائپرز وائسز پوڈ کاسٹ سے بات کرتے ہوئے جیمز فوسٹر نے انہیں میچ ونر قرار دیا اور کہا کہ وہ چاہتے ہیں کہ اعظم خود پر بھروسہ کرتے رہیں کبھی کبھی ایسا سیزن بھی آتا ہے جس میں ضروری نہیں ہوتا کہ ہر ایک کھلاڑی 1؟ گے بڑھے تاہم مجھے اعظم پر اعتماد ہے۔ وہ ایک مکمل اسٹار ہے اور وہ ایک ایسا کھلاڑی ہے جس کی میں بہت تعریف کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ وہ ایک میچ ونر ہے اور میں جانتا ہوں کہ وہ ایک ایسا کھلاڑی ہے جس سے مخالف بالر اور ٹیمیں ڈرتی ہیں لہذا یہ صرف اپنے آپ کو یاد دلانے کے لئے وہ کتنا اچھا کھلاڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ انہیں صرف اپنی ذہنیت، اپنے ٹیم پلان پر بھروسہ کرنے اسے یاد رکھنے اور اس اعتماد کو برقرار رکھنے کی ضرورت ہے، یہی وہ کام ہے جو یہ صف اول کے کھلاڑی کرتے ہیں۔ جس کے بعد انہیں آگے بڑھنے کے لئے صرف تھوڑی سی قسمت درکار ہوتی ہے۔ ہمارے ٹاپ چار یا پانچ بلے بازوں نے بہت اچھی کارکردگی دکھائی ہے۔

سلیکشن کمیٹی نے امام الحق کو ان فٹ صائم ایوب، آؤٹ آف فارم عبداللہ شفیق کی عدم موجودگی میں اسکواڈ میں شامل کرنے سے گریز کیا، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی 2025 کیلئے ٹیم پاکستان میں فخر زمان کی واپسی کیساتھ مستند اوپنر کے طور پر سلیکشن کمیٹی نے ٹیسٹ کپتان شان مسعود، ٹیسٹ اوپنر امام الحق کو ان فٹ صائم ایوب اور آؤٹ آف فارم عبداللہ شفیق کی عدم موجودگی میں اسکواڈ میں شامل کرنے سے گریز کیا۔ اطلاعات کے مطابق بائیں ہاتھ کے ٹیسٹ اوپنر امام الحق جنہوں نے پاکستان کے لیے 72 ون ڈے میچز میں 48.27 کی اوسط سے 3138 رنز 9 سنچریوں اور 20 نصف سنچریوں کی مدد سے بنائے، تجربے اور ریکارڈ کے اعتبار سے سلیکشن کے لیے مضبوط امیدوار تھے، تاہم چند وجوہات کی بنا پر ان کے سلیکشن کو زیر غور لانے سے گریز کیا گیا۔ امام الحق جنہوں نے پاکستان کیلئے آخری ون ڈے 27 اکتوبر 2023 کو چنائے میں کھیلا تھا، سلیکٹورز ویسٹ انڈیز کے خلاف گذشتہ ماہ سہ روزہ میچ میں ایک دن پہلے ٹیم سے علیحدہ ہونے پر تحفظات کا شکار کیا۔ اطلاعات کے مطابق اسلام آباد کلب میں امام الحق پاکستان شاہینز کے کپتان تھے، بائیں ہاتھ کے اوپنر پہلی اننگز میں 5 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے تھے، جب کہ دوسری اننگز میں محمد حریرہ کیساتھ اننگز کا آغاز عمیر بن یوسف نے کیا تھا۔

پاکستانی باکسر عثمان وزیر نے اپنی 15 بائوٹ بھی جیت لی

پاکستان، افغانستان، تنزانیہ، تھائی لینڈ اور انڈونیشیا کے باکسر مقابلے کے لیے رنگ میں اترے

لاہور (سہیل عمران) پاکستانی باکسر عثمان وزیر نے اپنی 15 بائوٹ بھی جیت لی۔ لاہور میں منعقدہ میگا انٹرنیشنل باکسنگ ایونٹ یو ڈبلیو پروموشن کے تعاون سے منعقد کیا گیا۔ پاکستان، افغانستان، تنزانیہ، تھائی لینڈ اور انڈونیشیا کے باکسر مقابلے کے لیے رنگ میں اترے۔ ایونٹ کا سب سے بڑا مقابلہ پاکستانی باکسر عثمان وزیر اور تنزانیہ کے باکسر الیانو کلائیمٹ کے درمیان تھا، جہاں عثمان وزیر فاتح قرار پائے۔ ڈبلیو بی او کے یوتھ چیمپئن، ڈبلیو بی سی کے مڈل ایسٹ چیمپئن اور ڈبلیو بی اے کے ایشین چیمپئن عثمان وزیر کی یہ لگاتار 15 ویں فتح ہے۔ عثمان وزیر جنہیں حکومتِ پاکستان نے باکسنگ میں ان کی اعلیٰ کارکردگی پر تمغہ امتیاز سے نوازا ہے، وہ باکسنگ ایرینا میں مسلسل 15 ویں فتح کے بعد پاکستان میں باکسنگ کے حوالے سے اب ایک نمایاں اور اہم نام بن کر ابھرے ہیں۔ لاہور میں عثمان وزیر کی باوٹ کے موقع پر وزیر اعظم پاکستان یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود اور گلگت بلتستان کے گورنر بھی موجود تھے۔

آئی ایل ٹی20، شارجہ واریئرز نے پلے آف میں جگہ بنا لی



لاہور: کھیلتا پنجاب گیمز کے فائنل مرحلے میں فٹ بال کے سیمی فائنل میچ کا منظر

ابوظہبی (این این آئی) شارجہ واریئرز نے ٹورنامنٹ میں سنسنی خیز واپسی کرتے ہوئے آئی ایل ٹی 20 سیزن 3 میں پلے آف میں جگہ بنالی۔ ابوظہبی کے زاید کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں ٹام کوہلر کیڈمور کی شاندار اننگز کی بدولت واریئرز نے ایم آئی ایمریٹس کو 8 وکٹوں سے شکست دے دی۔ اس نتیجے کے بعد گلف جائنٹس پلے آف کی دوڑ سے باہر ہوگئیں جبکہ دبئی کیپیٹلز اور ابوظہبی نائٹ رائیڈرز چوتھی پوزیشن کی دوڑ میں شامل ہیں۔ ٹام کوہلر کیڈمور نے 52 گیندوں پر 91 رنز بنائے جس میں 7 چوکے اور 5 چھکے شامل تھے۔ سیزن کا پہلا میچ کھیلنے والے میتھیو ویڈ نے بھی 25 گیندوں پر 44 رنز کی شاندار اننگز کھیل کر اپنی موجودگی کا احساس دلایا۔ اس فتح نے نہ صرف شارجہ واریئرز کو ٹورنامنٹ کی تاریخ میں پہلی بار پلے آف میں پہنچا دیا بلکہ تین سیزن میں ایم آئی ایمریٹس کے خلاف ٹیم کی پہلی فتح بھی ہے۔



کراچی: گورنر سندھ کامران ٹیسوری ہاکی اسٹیڈیم میں منعقدہ میگا آئی ٹی ٹیسٹ کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں



فریڈرک مرز: چانسلر کے امیدوار اور کرسچن ڈیموکریٹس (CDU) کے رہنما کو CDU پارٹی کانگریس میں مندوبین سے بات کر رہے ہیں

بھارت کے نئے خلائی مشن کو رکاوٹوں کا سامنا، سیٹلائٹ خلا میں تکنیکی خرابی کا شکار

بھارت نے 2013 سے اب تک 11 مشن خلا میں بھیجے، جن میں سے 6 مکمل یا جزوی طور پر ناکام ہو چکے ہیں، رپورٹ

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کی اسپیس ریسرچ آرگنائزیشن (آئی ایس آر او) کا نیا 100 ویں راکٹ مشن اپنے نیویگیشن سیٹلائٹ میں تکنیکی خرابی کے باعث رکاوٹ کا شکار ہو گیا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق اسپیس ریسرچ آرگنائزیشن نے رکاوٹوں کا سامنا کرنے والے مشن سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ سیٹلائٹ کو متعین مدار تک پہنچانے کے لیے اس کو بلند کرنے کے اقدامات نہیں کیے جا سکے کیونکہ آکسیڈائزر کو تھرسٹرز چلانے کے لیے داخل کرنے والے والوز نہیں کھل سکے۔ رپورٹ کے مطابق یو آر آر اسیٹلائٹ سینٹر کا تیار کردہ سیٹلائٹ۔ این وی ایس 02- کو بھارت کے اورپر ایک جیوسٹیشنری دائرے میں مقررہ مقام تک پہنچانا چونکہ سیٹلائٹ کے سیال انجن کا نظام ٹھیک کام نہیں کر رہا اس لیے اسے اس کے متعین مدار میں بھیجنے کی کوشش میں تاخیر ہو سکتی ہے یا اسے مکمل طور پر ترک بھی کیا جا سکتا ہے۔ آئی ایس آر او نے بتایا کہ سیٹلائٹ کا نظام بالکل ٹھیک ہے اور اس وقت سیٹلائٹ بیضوی مدار میں ہے، سیٹلائٹ کو بیضوی مدار میں نیویگیشن کے لیے متبادل مشن کی حکمت عملی پر کام کیا جا رہا ہے۔ مزید بتایا گیا کہ آئی ایس آر او نے بدھ کو صبح 6:23 بجے کامیابی کے ساتھ اپنا جی ایس ایل وی-ایف 15 راکٹ ریاست آندھرا پردیش کے علاقے سریہری کوٹہ سے لانچ کیا تھا اور اس کے ساتھ آئی ایس آر او کا 100 واں مشن مکمل ہوا۔ آئی ایس آر او کے چیئرمین وی نارائن کی سربراہی میں ادارے کا یہ پہلا مشن تھا اور آئی ایس آر او کا رواں سال کا بھی پہلا مشن ہے۔ مقامی خلائی ماہرین کا کہنا تھا کہ سیٹلائٹ اپنے مخصوص کام انجام نہیں دے سکے گا کیونکہ وہ تقریباً 170 کلومیٹر کے قریب ترین نکتے اور زمین سے تقریباً 36 ہزار 577 کلومیٹر دور نکتے کے درمیان ایک مدار میں ہے۔ سیکنڈ جنریشن کا دو ہزار 250 کلوگرام وزن کا یہ دوسرا سیٹلائٹ نیویگیشن وو انڈین کانسٹیلیشن کا حصہ تھا، جو عالمی پوزیشننگ سسٹم) جی پی ایس (کا علاقائی متبادل ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ بھارت نے این اے وی آئی سی کو 1999 میں پاکستان کے ساتھ کارگل جنگ کے بعد تیار کیا تھا اور اس نے بھارت کے لیے بھی چیلنجز پیدا کیے ہیں، اس تنازع میں بھارت کو اعلیٰ معیار کے جی پی ایس ڈیٹا تک رسائی سے محروم کر دیا گیا تھا اور اس وقت کے وزیر اعظم اٹل بہاری واجپائی نے بعد میں ملک کی اسٹریٹجک کمیونٹی کے لیے جی پی ایس کا علاقائی ورژن بنانے کا وعدہ کیا تھا۔

ویٹیکن سٹی، ویٹیکن میں بچوں کے حقوق پر عالمی سربراہی اجلاس کے آغاز کے دوران اطالوی سینیٹر لیلیانا سیگرے سے ملاقات کر رہے ہیں

افغان حکومت، فتنۃ الخوارج کے گٹھ جوڑ کا پردہ فاش

ڈیرہ اسماعیل خان میں 4 دہشتگردوں میں افغان صوبے کے نائب گورنر کا بیٹا بھی شامل تھا، ذرائع

کابل (این این آئی) افغان حکومت اور فتنۃ الخوارج کے گٹھ جوڑ کا پردہ فاش ہو گیا اور فتنۃ الخوارج کے دہشت گردوں اور افغان حکومت کے گٹھ جوڑ کے ناقابل تردید شواہد منظر عام پر آ گئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ذرائع کا کہنا تھا کہ 30 اور 31 جنوری کی رات ڈیرہ اسماعیل خان کی تحصیل کلاچی میں سیکیورٹی فورسز، کیے کامیاب آپریشن میں فتنۃ الخوارج کے 4 دہشتگردوں کو جہنم واصل کیا گیا، ہلاک دہشتگردوں میں افغانستان کے صوبے باغدیس کے نائب گورنر مولوی غلام محمد احمدی کا بیٹا بھی شامل تھا، یہ آپریشن ڈیرہ اسماعیل خان۔ کی تحصیل کلاچی کے علاقے مدی میں کیا گیا ذرائع کے مطابق ہلاک دہشتگردوں سے امریکی ساختہ جدید نائٹ ویژن سمیت ایم 16 اے 4 اور ایم 24 اسنائپر رائفلز بھی برآمد ہوئیں، باغدیس کے گورنر کے ہلاک کئے جانے والے بیٹے کی شناخت بدرالدین عرف یوسف کے نام سے ہوئی۔ ذرائع نے کا کہنا تھا کہ افغان حکام اب بدرالدین عرف یوسف کی لاش لینے سے بھی انکاری ہیں، پاکستان نے کئی بار افغان حکام کو لاش وصولی کا کہا لیکن افغان سائیڈ سے مسلسل انکار کیا جا رہا ہے، بدرالدین اس سے پہلے افغان طالبان کے تربیتی مرکز میں تربیت حاصل کرتا تھا اور بعد میں فتنۃ الخوارج کا حصہ بنا، بدرالدین افغانستان سے پاکستان میں دہشتگرد حملوں کی نئی لہر میں ایک اہم کردار کے طور پر براہ راست ملوث تھا۔

لانچنگ کا عمل مکمل طور پر منصوبے کے مطابق ہوا اور اڑان کے 29 منٹ بعد سیٹلائٹ کامیابی سے راکٹ سے علیحدہ ہو گیا

ٹوکیو (این این آئی) جاپان کی خلائی ایجنسی نے نیویگیشن سیٹلائٹ کو ایچ تھری راکٹ کے ذریعے کامیابی سے خلا میں بھیج دیا ہے، جس کا مقصد ملک کے لئے زیادہ درست پوزیشننگ کا ایک خودمختار نظام تیار کرنا ہے۔ متحدہ عرب امارات کی نیوز ایجنسی کے مطابق ایچ تھری راکٹ کو جاپان کے جنوب مغربی جزیرے پر واقع تانیگا شیما سپیس سینٹر سے لانچ کیا گیا۔ لانچنگ کا عمل مکمل طور پر منصوبے کے مطابق ہوا اور اڑان کے 29 منٹ بعد سیٹلائٹ کامیابی سے راکٹ سے علیحدہ ہو گیا۔ جاپان کے سائنس اینڈ ٹیکنالوجی ایجنسی کے مطابق جاپان دو مزید نیویگیشن سیٹلائٹس خلا میں بھیجنے کا ارادہ رکھتا ہے جس کے بعد مارچ 2026 تک جاپان کا نیویگیشن سسٹم 7 سیٹلائٹس پر مشتمل ہوگا۔ اس سے جاپان کو زیادہ درست گلوبل پوزیشننگ سروس فراہم کرنے میں مدد ملے گی، اور وہ غیر ملکی نظام پر انحصار کیے بغیر کام کر سکے گا۔ جاپان کا طویل المدتی منصوبہ 2030 کی دہائی کے اواخر تک 11 سیٹلائٹس پر مشتمل نیویگیشن نیٹ ورک بنانے کا ہے، جو اسے مزید خودمختار اور جدید بنائے گا۔ لانچنگ کا عمل مکمل طور پر منصوبے کے مطابق ہوا اور اڑان کے 29 منٹ بعد سیٹلائٹ کامیابی سے راکٹ سے علیحدہ ہو گیا

مظاہرین نے ہاتھوں میں پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر فضائی حملے بند کرو اور ہم جمہوریت چاہتے ہیں کے نعرے درج تھے

ٹوکیو (این این آئی) میانمار میں بغاوت کے 4 سال مکمل ہونے پر ٹوکیو میں مظاہرہ کیا گیا۔ عرب ٹی کے مطابق میانمار میں فوجی بغاوت کے ذریعے ملکی اقتدار پر قبضہ ہونے کے ٹھیک چار سال بعد میانمار کے شہری اور ان کے حامی گزشتہ روز ٹوکیو میں واقع سفارت خانے کے سامنے جمع ہوئے جنہوں نے ہاتھوں میں پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر فضائی حملے بند کرو اور ہم جمہوریت چاہتے ہیں کے نعرے درج تھے۔ مظاہرین کے ایک نمائندے نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ اب تک بہت سے لوگ اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں، انہوں نے سفارت خانے کے حکام پر زور دیا کہ وہ میانمار کے عوام کے ساتھ کھڑے ہوں۔ انہوں نے سفارت خانے کے گیٹ کے اندر ایک خط بھی کھسکا کر ڈالا جس میں تشدد کے خاتمے، جمہوریت نواز رہنما آنگ سان سوچی اور فوج کے زیر حراست دیگر افراد کی فوری رہائی کا مطالبہ کیا گیا۔ نگون کے ایک شخص نے کہا کہ شہریوں کو تقریباً ہر روز حراست میں لیا جا رہا ہے اور لوگوں کے لیے معمول کی زندگی بسر کرنا ممکن نہیں۔ اس کا کہنا تھا کہ جاپان میانمار کے عوام کی حمایت کرے۔ میانمار میں بغاوت کے 4 سال مکمل ہونے پر ٹوکیو میں مظاہرہ۔

امریکی انخلا کے بعد افغانستان میں 371 ارب ڈالر کی امداد تقسیم

امریکا میں منجمد افغان مرکزی بینک کے 5.3 ارب ڈالر کے اثاثے سوئٹزرلینڈ میں قائم افغان فنڈ میں منتقل کیے گئے

کابل (این این آئی) افغانستان میں امریکا کی امدادی کارروائیوں کے حوالے سے اسپیشل انسپکٹر جنرل فار افغان ری کنسٹرکشن (سیگار) کی تازہ ترین رپورٹ سامنے آ گئی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اگست 2021 میں افغانستان سے امریکی انخلا کے بعد سے تقریباً 3۔ 71 بلین ڈالر کی امداد خرچ کی گئی۔ امداد کا 64۔ 2 فیصد اقوام متحدہ کی ایجنسیوں، اوٹا اور ورلڈ بینک کے زیر انتظام افغانستان ریزیلینس ٹرسٹ فنڈ کے ذریعے تقسیم کیا گیا ہے، رپورٹ میں کہا گیا کہ امریکا میں منجمد افغان مرکزی بینک کے 3۔ 5 ارب ڈالر کے اثاثے سوئٹزرلینڈ میں قائم افغان فنڈ میں منتقل کیے گئے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ اتنی بڑی امداد کے باوجود افغان طالبان کی جابرانہ پالیسیاں جاری ہیں۔ افغان طالبان نے تاحال خواتین کی تعلیم پر پابندیاں عائد کر رکھی ہیں۔ ان پابندیوں کی بدولت بین الاقوامی سطح کے انسانی ہمدردی کے پروگراموں کے تحت امداد کی تقسیم میں مشکلات پیش آ رہی ہیں۔ امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے 20 جنوری 2025 کے ایگزیکٹو آرڈر کے تحت افغانستان میں جاری منصوبوں سمیت تمام امریکی و غیر ملکی امداد کی نئی ذمہ داریاں اور تقسیم 90 دن کیلئے روک دی گئی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق افغانستان میں موجود سنگین صورتحال کے شکار 80 لاکھ سے زائد افراد کیلئے اقوام متحدہ نے 2025 کیلئے 2۔ 42 بلین ڈالر امداد کی درخواست کر رکھی ہے۔

بھارت میں دلہے کا چولی کے پیچھے گانے پر رقص؛ دلہن کے والد نے بارات واپس لوٹا دی

ہوا یوں کہ دلہا نے دوستوں کے اصرار پر بالی ووڈ فلم کھل نائیک کے مشہور گانے چولی کے پیچھے کیا ہے پر رقص کیا

نئی دہلی (این این آئی) بھارت میں دلہن کے والد نے معمولی بات پر اپنی بیٹی کی شادی ختم کر کے بارات کو واپس لوٹا دیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق یہ واقعہ نئی دہلی میں پیش آیا جہاں بارات ڈھولک کی تھاپ کے ساتھ دلہا کو لے کر تقریب کے مقام پر پہنچی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق دلہا کے دوست اور اہل خانہ خوشی کے اس موقع پر روایتی رقص کر رہے تھے لیکن دلہا کے دوستوں کی ضد نے ایک تنازع کو جنم دیدیا۔ ہوا یوں کہ دلہا نے دوستوں کے اصرار پر بالی ووڈ فلم کھل نائیک کے مشہور گانے چولی کے پیچھے کیا ہے پر رقص کیا۔ سب آنے والے خطرے سے انجان خوشی سے تالیاں بجا رہے تھے کہ دلہن کے والد نے اس رقص پر اعتراض اٹھاتے ہوئے کہا کہ یہ ہمارے خاندان کی اقدار کے منافی ہے۔ دلہن کے والد نے شادی منسوخ کردی اور بارات کو خالی ہاتھ واپس لوٹا دیا۔ اس دوران دلہن اپنے والد کے آگے روتی رہی، التجا کرتی رہی لیکن انھوں نے ایک نہ سنی۔ دلہا کے اہل خانہ نے سمجھا کہ شاید دلہن کے والد کا غصہ کچھ روز میں ٹھنڈا ہو جائے گا اور بات چیت دوبارہ شروع ہو جائے گی لیکن دلہن کے والد نے کہا کہ یہ فیصلہ اٹل ہے۔ ہوا یوں کہ دلہا نے دوستوں کے اصرار پر بالی ووڈ فلم کھل نائیک کے مشہور گانے چولی کے پیچھے کیا ہے پر رقص کیا۔



ایک یہودی کمیونٹی کے افراد سان جوآن لالگونا کے گاں کی ایک سڑک پر کھڑے ہیں



ویراکروز، میکسیکو میں کو فیسٹ آف دی ہولی انکانٹر ' کے جشن کے دوران لوگ موم بتیاں اور بچے یسوع کو برکت دینے کے لیے گرجا گھر میں نظر آ رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
بانی: میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

وفاق المدارس السلفیہ پاکستان اہل حدیث مکتب فکر کے دینی مدارس وجامعات کا امتحانی بورڈ ہے

وفاق سے ملحق تمام مدارس اور جامعات سالانہ امتحانات میں شریک ہوتے ہیں: ناظم اعلیٰ چوہدری یاسین ظفر



فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) وفاق المدارس السلفیہ پاکستان اہل حدیث مکتب فکر کے دینی مدارس وجامعات کا امتحانی بورڈ ہے۔ وفاق سے ملحق تمام مدارس اور جامعات سالانہ امتحانات میں شریک ہوتے ہیں اس سال وفاق المدارس السلفیہ کے تمام مراحل میں شرکاء امتحانات کی کل تعداد 45623 ہے۔ جبکہ حفظ القرآن کے طلبہ وطالبات اس کے علاوہ ہیں جن کی تعداد 7031 ہے۔ پورے پاکستان میں امتحانی مراکز کی کل تعداد 580 ہے۔ جبکہ امتحانی نگران عملہ کی تعداد 1671 ہے۔ سالانہ امتحانات 08 فروری 2025ء سے شروع ہو رہے ہیں۔ جو 13 فروری تک جاری رہیں گے۔ وفاق المدارس السلفیہ کے امتحانات کی خصوصیت یہ ہے کہ امتحانی سوالات خاص اور خفیہ طریقہ سے امتحانی مراکز میں پہنچائے جاتے ہیں۔ جس کی وجہ سے کسی جگہ پرچہ آؤٹ ہونے کے خدشات نہیں ہیں امتحانات نہایت شفاف اور پرامن ماحول میں منعقد ہوں گے۔ تمام انتظامات کو حتمی شکل دے دی گئی ہے۔ امتحانی مراکز کا جائزہ لینے کے لیے ناظم اعلیٰ چوہدری یاسین ظفر نے سیالکوٹ، راولپنڈی، گوجرانوالہ، لاہور میں امتحانی مراکز کا دورہ کیا اور امتحانات کے بارے میں بات کرتے ہوئے انہوں نے میڈیا اور سرکاری اداروں کو دعوت دی ہے کہ وہ امتحانات کا جائزہ لیں آپ سرکاری امتحانات اور وفاق کے امتحانات میں واضح فرق محسوس کریں گے اور نظم امتحان کے حوالے سے بنائے گئے اصول وضوابط پر عمل کرنے کی تحقیق کی ہے جبکہ ناظم امتحانات پروفیسر عبدالستار حامد نے مختلف امتحانی مراکز کا دورہ کیا اور امتحانی نمائندگان کو ضروری ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ بہتر سے بہترین انتظامات کو جلد از جلد حتمی شکل دی جائے امتحانی مراکز میں ضروری سہولیات کی فراہمی کا وقت سے قبل جائزہ لیا جائے

ڈپٹی کمشنر ننکانہ کا کینڈا کالونی میں سیوریج سسٹم کا جائزہ لینے کے لیے دورہ کیا

متعلقہ حکام کو پارکس کی باؤنڈری وال کے تعمیراتی کام کو جلد مکمل کرنے کے احکامات جاری کیے



ننکانہ صاحب (رانا اسامہ) ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے پبلک پارکس کی بحالی اور کینڈا کالونی سمیت دیگر علاقوں میں سیوریج سسٹم کا جائزہ لینے کے لیے دورہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے پارک کی زیر تعمیر چار دیواری کا جائزہ لیا اور متعلقہ حکام کو پارکس کی باؤنڈری وال کے تعمیراتی کام کو جلد مکمل کرنے کے احکامات جاری کیے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پبلک پارکس کی بحالی کے لیے تمام تر وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے، رواں ماہ کے دوران تمام پبلک پارکس کی بحالی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔ پبلک پارکس میں واکنگ ٹریکس، بچوں کے لیے جھولے اور شجرکاری کرنے کا عمل تیزی سے جاری ہے۔ دوران وزٹ ڈی سی ننکانہ نے کینڈا کالونی میں سیوریج لائن بند ہونے پر برہمی کا اظہار کیا اور سی ایم سی کو جلد از جلد سیوریج لائنوں کو صاف کرنے کے لیے احکامات بھی جاری کیے۔

صاحبزادہ پیر سید خلیل الرحمن شاہ بخاری کی صدارت میں عظیم الشان محفل ایصال ثواب وتعزیتی اجلاس کا انعقاد



عارفوالا (نمائندہ وقت) جماعت اہل سنت پاکستان صوبہ پنجاب کے زیر اہتمام صوبائی امیر پنجاب صاحبزادہ پیر سید خلیل الرحمن شاہ بخاری کی صدارت میں عظیم الشان محفل ایصال ثواب وتعزیتی اجلاس کا انعقاد مدرسہ جامعہ حنفیہ غوثیہ عارفوالا میں کیا گیا جس میں جماعت اہل سنت پاکستان شعبہ راجن پور کے امیر علامہ قاری خورشید احمد رضا خان کی والدہ ماجدہ کے وصال پر گہرے دکھ ورنج کا اظہار کرتے ہوئے ان کی مغفرت اور درجات بلندی کے لیے قرآن خوانی کی گئی جبکہ پسماندگان کے لیے صبر جمیل کی دعا کی گئی اس موقع پر جماعت اہلسنت ضلع پاکپتن تحصیل وٹی عارفوالا کے ذمہ داران سید اعجاز حسین شاہ، سید محمد احمد شاہ، قاری نوید احمد، سید اسرار شاہ، قاری مظہر فرید، رابطہ سیکرٹری صوبہ پنجاب قاری نعیم المصطفیٰ قادری، قاری ظہور احمد، ملک محمد اکرم کھوکھر میڈیا کوارڈینیٹر صوبہ پنجاب سمیت علاقہ بھر کے علمائے کرام ومشائخ عظام نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے: بھارت کو قبضہ چھوڑنا ہوگا: علی شہزاد

کشمیری عوام اور پاکستانی بھائی بھائی ہیں: سماجی شخصیت



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) مودی سرکاری کو کشمیریوں پر ظلم کا حساب دینا ہوگا عوام خود ارادیت چاہتی ہے کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے ہمارے دل کشمیریوں کے ساتھ دھڑکتے ہیں کشمیری اور پاکستانی بھائی بھائی ہیں ان کی آزادی کیلئے کی گئی کوششیں ناقابل فراموش ہیں ان خیالات کا اظہار سیاسی وسماجی شخصیت چوہدری علی شہزاد اسلم بھٹی نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ بھارتی حکومت نے کشمیریوں پر بے شمار مظالم ڈھائے مودی سرکار کو جواب دینا ہوگا بھارت نے کئی سالوں سے کشمیری عوام کو حقوق سے محروم رکھا ہے دنیا اپنی آنکھیں کھولے اور مسئلہ کشمیر کے حل کیلئے آواز بلند کرے 5 فروری کے موقع پر کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کرتے ہیں۔

پنجاب کے مختلف شہروں میں 2 لاکھ سے زائد پراپرٹی مالکان ٹیکس نیٹ سے باہر نکل گئے

محکمہ ایکسائز زرائع کے مطابق پراپرٹی مالکان کی تعداد مستفید ہونے میں سب سے کم سامنے آئی

6 لاکھ سے زائد پراپرٹی مالکان کو نئے سسٹم کے تحت ٹیکس نیٹ میں شامل کرلیا گیا تھا: محکمہ ایکسائز

جہلم (بیورو رپورٹ) پراپرٹی ٹیکس کی ڈی سی رئیس پر منتقلی کی وجہ سے جہلم سمیت پنجاب کے مختلف شہروں میں 2 لاکھ سے زائد پراپرٹی مالکان ٹیکس نیٹ سے باہر نکل گئے۔ محکمہ ایکسائز زرائع کے مطابق پراپرٹی مالکان کی تعداد مستفید ہونے میں سب سے کم سامنے آئی، دیگر شہروں میں 50 لاکھ سے کم مالیت کے گھر ٹیکس نیٹ سے نکل گئے۔ محکمہ ایکسائز زرائع کے مطابق 6 لاکھ سے زائد پراپرٹی مالکان کو نئے سسٹم کے تحت ٹیکس نیٹ میں شامل کرلیا گیا تھا ایکسائز زرائع نے بتایا ہے کہ پنجاب بھر میں ڈی سی ریٹ پر 50 لاکھ سے زائد قیمت والی جائیدادیں ٹیکس ادا کریں گی۔ 6 لاکھ سے زائد پراپرٹی مالکان کو نئے سسٹم کے تحت ٹیکس نیٹ میں شامل کیا گیا ہے۔ ڈی سی ریٹ کے نفاذ سے خزانے کو 2 ارب کا اضافی ریونیو وصول ہوگا۔ ایکسائز زرائع کا کہنا ہے کہ 6 لاکھ نئی جائیدادوں میں 5 مرلے سے کم پیمائش والے گھر و کمرشل پراپرٹیز شامل ہیں، 6 لاکھ سے زائد پراپرٹیز شامل ہونے سے ٹوٹل ٹیکس ایبل یونٹس کی تعداد 25 لاکھ ہوگئی ہے۔ محکمہ ایکسائز زرائع نے مزید کہا کہ ڈی سی ریٹ کے نفاذ سے خزانے کو 2 ارب کا اضافی ریونیو وصول ہوگا، یکم جولائی سے تمام پراپرٹیز سے نئے ریٹس پر ٹیکس وصول کیا جائے گا۔

حافظ آباد میں بھی ضلعی انتظامیہ کی جانب سے آج یوم کشمیر کے موقع پر ڈسٹرکٹ کمپلیکس سے کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کے سلسلہ میں ریلی نکالی جائیگی

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد میں بھی ضلعی انتظامیہ کی جانب سے آج یوم کشمیر کے موقع پر ڈسٹرکٹ کمپلیکس سے کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کے سلسلہ میں ریلی نکالی جائیگی۔ ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق یوم کشمیر کی ریلی کی قیادت کریں گے۔ ریلی میں ضلعی انتظامیہ کے افسران، اساتذہ، طلباء و طالبات، سرکاری دفاتر کے ملازمین اور شہری شرکت کریں گے۔ یوم کشمیر کے سلسلہ میں محکمہ تعلیم کی جانب سے ضلع بھر کے سکولوں اور کالجوں میں تقریبات کا انعقاد کیا جائیگا۔

ادویات کی مصنوعی قلت، مریضوں کو شدید پریشانی کا سامنا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ایسوسی ایشن کے سیکریٹری جنرل خالد اختر اور نائب صدر جہانزیب گجر نے گذشتہ روز ڈسٹرکٹ ڈرگز کنٹرولر محمد اویس سے ملاقات کی اور انہیں ضلع بھر میں ادویات کی مصنوعی قلت پر آگاہ کیا اور کہا کہ اس سے مریضوں کو شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ جس پر محمد اویس ڈرگز کنٹرولر نے فوری نوٹس لیتے ہوئے ڈسٹری بیوٹرز سے اس مصنوعی قلت کو ختم کروایا اور کہا کہ وہ مریضوں کی فلاح و بہبود کے لئے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کریں گے اور ادویات کی مصنوعی قلت کو کسی بھی صورت برداشت نہیں کریں گے۔ جس پر ایسوسی ایشن کے راہنماؤں نے انکا شکریہ ادا کیا جبکہ مریضوں کے لواحقین کی جانب سے بھی انکی کاوشوں کو سراہا گیا۔

یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سے ایف ڈی اے کمپلیکس میں دعائیہ تقریب کا انعقاد

ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے یاسر اعجاز چٹھہ، ڈپٹی ڈائریکٹر فنانس فیصل طارق بٹ، ٹرانسفر آفیسر عابد اشرف بٹ و دیگر افسران کے علاوہ سٹاف کے ارکان اور عام شہریوں نے شرکت کی



فیصل آباد (میاں محمد ساجد) یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سے ایف ڈی اے کمپلیکس میں دعائیہ تقریب منعقد ہوئی جس میں ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے یاسر اعجاز چٹھہ، ڈپٹی ڈائریکٹر فنانس فیصل طارق بٹ، ٹرانسفر آفیسر عابد اشرف بٹ و دیگر افسران کے علاوہ سٹاف کے ارکان اور عام شہریوں نے شرکت کی۔ تقریب کے دوران کشمیری شہداء کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی اور مقبوضہ وکشمیر کی آزادی فتح و نصرت کی خصوصی دعا کی گئی جبکہ فلسطین کی آزادی اور غزہ میں اسرائیل کی بربریت کی شدید مذمت بھی کی گئی۔ اس موقع پر کشمیری عوام سے یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے بھارتی فوج کے مظالم کے خلاف غم وغصے کے ساتھ شدید مذمت کی گئی اور کہا گیا کہ آزادی کشمیریوں کا حق ہے جسے تادیر دبایا نہیں جا سکتا لہذا بھارت کو چاہیے کہ وہ مقبوضہ جموں وکشمیر پر غاصبانہ تسلط فوری ختم کرے اور مقبوضہ کشمیر کے عوام کو اپنی قسمت کا فیصلہ کرنے کا حق فراہم کرے۔ یوم کشمیر کو جوش وخروش سے منانے کیلئے ایف ڈی اے کے زیر اہتمام مختلف پروگرامز تشکیل دیئے گئے ہیں جن کے مطابق ایف ڈی اے سٹی کے سپورٹس گراؤنڈ میں ''کشمیر کبڈی کپ'' منعقد ہوگا جس میں کبڈی کی چار نامور ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں۔ اس سے قبل کشمیر یکجہتی ریلی نکالی جائیگی جو مختلف راستوں سے گزرتی ہوئی ضلع کونس چوک جا کر مرکزی ریلی میں شامل ہو جائیگی۔ ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری نے اپنے پیغام میں کہا کہ پوری پاکستان قوم مقبوضہ جموں وکشمیر کے عوام کے ساتھ کھڑی ہے اور ان کی آزادی کیلئے اخلاقی، سفارتی وسیاسی حمایت جاری رکھی جائیگی۔

ضلع بھر میں مختلف تنظیموں کی جانب سے ریلیاں نکالی جائیں گی

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) کشمیری مسلمانوں سے اظہار یکجہتی کے لئے آج ضلع بھر میں مختلف تنظیموں کی جانب سے ریلیاں نکالی جائیں گی اور کشمیری مسلمانوں پر بھارتی مظالم کے خلاف احتجاج بھی کیا جائے گا۔

افواج پاکستان سے پاکستانی قوم کی یگانگت مثالی ہے: امجد نذیر بٹ

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) مرکزی انجمن تاجران کے صدر امجد نذیر بٹ نے کہا ہے کہ افواج پاکستان سے پاکستانی قوم کی یگانگت مثالی ہے ہم اپنی بہادر وجری سپاہ کی پشت پر کھڑے ہیں اور ان کی پیشہ وارانہ خدمات کو بھرپور خراج تحسین پیش کرتے ہیں جنرل حافظ عاصم منیر کی قیادت میں فوج ملکی سرحدوں کا دفاع یقینی بنانے اور ملک میں پائیدار امن کے قیام کی خاطر دن رات کوشاں ہے اور ہم وطنوں کے تحفظ کی خاطر ہمارے فوجی جوان اپنی جانوں کے نذرانے پیش کر رہے ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا کو آرڈیننس فیکٹری شیخوپورہ کے دورہ کے موقع پر میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، امجد نذیر بٹ نے کہا کہ شیخوپورہ کی تاجر برادری مرکزی انجمن تاجران کے پلیٹ فارم سے جلد افواج پاکستان سے اظہار یک جہتی کیلئے شاندار ریلی کا انعقاد کرے گی جس میں تمام تاجر تنظیموں کے عہدیداران و ارکان سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کثیر تعداد میں شرکت کے فوج سے اپنی محبت و یگانگت کا اظہار کریں گے۔

پاکستان میں پیکا ایکٹ عملاً نافذ ہو چکا ہے: محمد یوسف

افواج پاکستان، عدلیہ، اداروں یا شخصیت بارے فیک نیوز سے اجتناب برتیں: ڈائریکٹر ائیر سیال



سیالکوٹ (بیورو خواجہ عامر جاوید) پاکستان ہمارا ملک اور پاکستانی قوم، قومی سلامتی کے ادارے و ریاستی عہدوں پر متمکن شخصیات اور کسی بھی خاص و عام پاکستانی شہریوں کے خلاف فیک، جھوٹی من گھڑت خبر یا خلاف قانون سوشل میڈیا یا ملکی وقار کے منافی خبروں کی تشہیر قابل سزا و جرمانہ جرم تصور ہوگا۔ ان باتوں کا اظہار معروف بزنس مین و سماجی شخصیت محمد یوسف آف پاکستان کارگو سروسز نے میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ آرڈیننس کے نفاذ کے بعد اب اگر کسی شخص اشخاص یا منفی سوچ کے حامل گروہ نے افواج پاکستان، عدلیہ، ادارے یا کسی بھی شخصیت کے خلاف فیک اور جھوٹی خبریں پھیلائیں یا کسی کی کردارکشی کی تو اس کے خلاف سنگین دفعات کے تحت مقدمہ درج ہو جائے گا۔ محب وطن پاکستانی شہریوں سے اپیل ہے کہ ملک وقوم اور اداروں کیخلاف منفی پراپیگنڈے یا فیک نیوز کی تشہیر یا ملک سے باہر بیٹھے پاکستان مخالف دشمنوں کا آلہ کار بننے سے گریز کریں۔



فیصل آباد: مجلس وحدت مسلمین پاکستان کے زیر اہتمام سیمینار حسین رب کے حسین سب کے سے ڈپٹی سیکرٹری جنرل احمد اقبال رضوی، ڈاکٹر افتخار حسین نقوی، اقرار حسین نقوی اور دیگر خطاب کر رہے ہیں

یوم یکجہتی کشمیر جوش وجذبے سے منایا جائے گا ڈاکٹر سہیل فاروق ملک

پوری پاکستانی قوم اپنے کشمیری بھائیوں سے مکمل اظہار یک جہتی کرے گی



جھنگ (بیورو رپورٹ) علی احمد خان ہسپتال جھنگ کے سی ای او ڈاکٹر سہیل فاروق ملک نے کہا کہ پانچ فروری کو یوم یک جہتی کشمیر دنیا بھر کی طرح جھنگ میں بھی انتہائی جوش وجذبے سے منایا جائے گا گزشتہ روز علی احمد خاں ہسپتال کے ایڈمن فاروق اشرف کے ہمراہ میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جنت نظیر وادی کشمیر پر بھارت کے غاصبانہ قبضے کے خلاف پوری پاکستانی قوم اپنے کشمیری بھائیوں سے مکمل اظہار یک جہتی کرے گی اور دنیا کو یہ باور کرائے گی کہ کشمیریوں پر ڈھائے جانے مظالم کے پہاڑ ہندوستان کی دہشت گردانہ سوچ کے عکاس ہیں

ڈاکٹر سہیل فاروق ملک نے کہا کہ کشمیریوں نے اپنی جدوجہد آزادی کے لئے اپنے خون سے جو تاریخ رقم کی ہے وہ رائیگاں نہیں جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کا بچہ بچہ کشمیریوں کے ساتھ کھڑا ہے اور کھڑا رہے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ ایک دن ضرور آئے گا جب کشمیر کے مسلمان آزادی کی نعمت سے مستفید ہوں گے۔

عوام روٹی سے محروم، ن لیگ جھوٹی تسلیاں دینے میں مصروف ہے: شہباز احمد

بجلی گیس بھی عوام کی پہنچ سے دور کر دی گئی ہے: سیاسی سماجی شخصیت



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) ن لیگ کے دعوے کہ ملک ترقی کی راہ پر گامزن سب من گھڑت بے بنیاد باتیں ہیں عام آدمی کو ایک وقت کی روٹی کے لالے پڑے ہیں ان کے وزرا کاغذی اعداد وشمار بیان کر کے عوام کو جھوٹی تسلیاں دینے میں مصروف ہیں عمران خان ایک سچا محب وطن عوام دوست لیڈر ہے جس کی سزا وہ بھگت رہا ہے چوروں کی کمزور حکومت نے بجلی گیس روز مرہ اشیاء کی چیزیں عوام کی پہنچ سے دور کر دیں پاکستان تحریک انصاف کے رہنما شہباز احمد المعروف کڑھائی والے کی سٹی پریس کلب میں گفتگو ان کا کہنا تھا کوئی ایسا ادارہ بتا دیں جس کی سمت درست ہو ہر طرف کرپشن لوٹ مار کا بازار گرم ہے چالیس سال اقتدار کے مزے لینے والے کونسی تبدیلی ترقی کی باتیں کرتے ہیں عمران خان سے تین سال کی کارکردگی پوچھنے والے اپنے چالیس سالہ اقتدار کا حساب دیں پاکستان پیپلز پارٹی دوغلی پالیسی سے عوام کو ورغلا رہی ہے اقتدار کے مزے بھی اور عوام ہمدردی جمہوریت کی باتیں کس منہ سے کرتے ہیں پیکا ایکٹ ن لیگ اور پی پی پی کا مشترکہ حملہ ہے تاکہ ہر اس زبان کو تالا لگایا جائے جو ان کی چوری عیاں کرے مگر ایسا کبھی نہیں ہوگا میڈیا اپنا کردار ادا کرتا رہے گا عمران خان نڈر دلیر لیڈر ہے جس کا راستہ روکنا ان بھگوڑوں کے بس کی بات نہیں ہے۔

اوکاڑہ کم سن بچی کیساتھ زیادتی کی کوشش، ملزم گرفتار



دیپالپور (زاہد عمران ہنجرہ قوت) اوکاڑہ تھانہ صدر دیپالپور کی حدود میں کم سن بچی کے ساتھ زیادتی کی کوشش اوکاڑہ ملزم عمران نے گھر میں اکیلی پا کر زیادتی کی کوشش کی اوکاڑہ ملزم زبردستی گھسیٹتے ہوئے توڑی والے کمرے میں لے گیا اوکاڑہ بچی کے والد کی مدعیت میں مقدمہ درج، تفتیش کا آغاز اوکاڑہ ملزم موقع سے فرار ہو گیا تھا اوکاڑہ پولیس نے 06 گھنٹے میں ملزم کو گرفتار کر لیا اوکاڑہ متاثرہ بچی کے لیے انصاف کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا۔

شہر اور گردونواح میں لگائے گئے سیف سٹی کیمروں سے چالانوں کا سلسلہ شروع

جہلم (بیورو چیف) شہر اور گردونواح میں لگائے گئے سیف سٹی کیمروں سے چالانوں کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ کیمرے نصب ہونے کے بعد آن لائن چالانوں کا سلسلہ بھی شروع ہو چکا ہے جس کی وجہ سے جہلم اور گردونواح کے شہری کافی حد تک محتاط ڈرائیونگ کرتے دکھائی دیتے ہیں، جبکہ ٹریفک پولیس کے افسران واہلکاروں نے موٹر سائیکل سواروں کو ہیلمٹ پہننے چھوٹی بڑی گاڑیوں کے ڈرائیورز کو دوران ڈرائیونگ سیٹ بیلٹ لازمی باندھنے کی ہدایت شروع کر رکھی ہے۔ یہ کیمرے دریائے جہلم پل، راٹھیاں، سگریٹ فیکٹری لنگر پور چوک جادہ سمیت شہر کے دیگر مقامات پر نصب ہو چکے ہیں۔

یوم کشمیر پر ہم اپنے مقبوضہ کشمیری بھائیوں کو یقین دلاتے ہیں: نعمت اللہ ظفر

وزیر آباد (نامہ نگار) صدر اہلحدیث یوتھ فورس پاکستان نعمت اللہ ظفر نے کہا ہے کہ یوم کشمیر پر ہم اپنے مقبوضہ کشمیری بھائیوں کو یقین دلاتے ہیں کہ آزادی تک ان کے ساتھ ہیں، انشاء اللہ وہ دن دور نہیں جب ہم مقبوضہ کشمیری بھائیوں کے ساتھ ان کی ازادی کا جشن منائیں گے، جلد کشمیر غاصب بھارت سے آزادی حاصل کرے گا، ہم اپنے کشمیری بھائیوں کی جدوجہد میں آخری خون کے قطرے تک ان کے ساتھ کھڑے رہیں گے، پاکستان نے ہمیشہ کشمیری عوام کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھی ہے۔

شراب کی بوتلیں برآمد: ملزم گرفتار، مقدمہ درج

ظفروال (زاہد چوہدری سے) تفصیلات کے مطابق گذشتہ روز ایس ایچ او تھانہ ظفروال آصف نوید ایس آئی اپنی ہمراہ اپنی ٹیم بسلسلہ گشت وتلاش بدرویہ گان محمد علی موڑ ظفروال ناکہ لگایا ہوا تھا کہ مخبر خاص کی اطلاع پر عیدگاہ قبرستان کے قریب ایک مشکوک شخص کو روکا جس کی جامہ تلاشی پر مشکوک شخص کے توڑے سے 300 بوتل شراب (کچی) برآمد ہوئی۔ پولیس تھانہ ظفروال نے ملزم کو گرفتار کر کے پابند سلاسل کر دیا اور ملزم کے خلاف مقدمہ درج کرلیا ملزم زاہد نواز ولا محمد نواز ساکن ٹھیکریاں کلاں حال مقیم عید گاہ حویلیاں کا رہائشی ہے ملزم عرصہ دراز سے شراب فروخت کرتا ہے۔ ایس ایچ او تھانہ ظفروال آصف نوید نے کہا کہ منشیات فروش کسی رعایت کے مستحق نہیں منشیات فروش معاشرے کا ناسور ہیں۔

ایڈیشنل سیشن جج دیپالپور کی عدالت میں 1 کلو 750 گرام چرس برآمدگی کا کیس

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ایڈیشنل سیشن جج دیپالپور کی عدالت میں 1 کلو 750 گرام چرس برآمدگی کا کیس۔ عدالت نے ملزم مدثر کو 10 سال قید کی سزا سنادی۔ عدالت نے ملزم پر 02 لاکھ روپے جرمانہ بھی عائد کیا۔ جرمانے کی عدم ادائیگی پر 06 ماہ قید مزید بھگتنا ہوگی۔ ملزم کو 25 جولائی 2024 کو بہاولدار اس سے گرفتار کر کے 2 پیکٹ چرس برآمد کی گئی تھی۔ ڈی پی او اوکاڑہ راشد ہدایت نے لیگل ٹیم کی کارکردگی کو سراہا، شاباش دی۔

محلہ گڑھی غوث سے نامعلوم چور ایک گھر سے لاکھوں کے زیورات اور دو لاکھ روپے نقدی چرا لے گئے

حافظ آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) محلہ گڑھی غوث سے نامعلوم چور ایک گھر سے لاکھوں کے زیورات اور دو لاکھ روپے نقدی چرا لے گئے۔ پولیس نے مقدمہ درج کرلیا۔ نوید الرحمن اپنے اہل وعیال کے ہمراہ گوجرانوالہ گیا ہوا تھا کہ اس دوران نامعلوم چوروں نے اسکے گھر داخل ہو کر وہاں سے پانچ لاکھ روپے مالیت کے زیورات اور نقدی دو لاکھ روپے چرالی اور فرار ہو گئے۔

پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی عدم توجہی کے باعث بازاروں میں غیر معیاری گوشت مہنگے داموں فروخت ہونے لگا

جہلم (بیورو رپورٹ) پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی عدم توجہی کے باعث بازاروں میں غیر معیاری گوشت مہنگے داموں فروخت ہونے لگا۔ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس نے اس حوالے سے چپ سادھ رکھی ہے شہر میں چھوٹے گوشت کا سرکاری نرخ 16 سو روپے فی کلو جبکہ بڑے گوشت کا سرکاری نرخ 8 سو روپے فی کلو مقرر ہیں۔ جبکہ قصابوں نے سرکاری نرخناموں کو پاؤں تلے روندتے ہوئے چھوٹا گوشت ہڈی چربی سمیت 22 سو روپے بڑا گوشت 12 سو روپے کلو کے حساب سے فروخت کرنا شروع کر رکھا ہے

پاکستان ریلوے نے گزشتہ حادثات سے بھی سبق نہ سیکھا

نارنگ منڈی کے مقام پر ریلوے ٹریک سے نٹ بولٹس چوری، ٹریک کمزور ہو گیا

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) پاکستان ریلوے نے حادثات سے بھی سبق نہ سیکھا سیالکوٹ نارووال نارنگ سیکشن پر ریلوے ٹریک سے نٹ بولٹس غائب ٹریک کمزور انتظامیہ نٹ بولٹس چوری کرنے والوں کا تعین نہ کرسکی تفصیل کے مطابق لاہور سیالکوٹ سیکشن پر نارنگ منڈی کے مقام پر ریلوے لائن سے نٹ بولٹس غائب ہیں جس سے ٹریک کمزور ہو چکا ہے انتظامیہ حادثات سے سبق سیکھنے کی بجائے نیند پوری کرنے میں مصروف ہے ابھی تک نہ ہی چوری کرنے والوں کا سراغ لگایا جا سکا ہے اور نہ ہی نئے نٹ بولٹس لگا کر ٹریک کو مضبوط کیا گیا ہے اہل علاقہ نے ریلوے کے اعلیٰ افسران سے مطالبہ کیا ہے کہ ٹریک کو مضبوط کرنے کیلئے فوری اقدامات کیے جائیں تاکہ مستقبل میں کوئی بڑا حادثہ رونما نہ ہو سکے۔

کمشنر کمپلیکس فیصل آباد میں قائم بزنس فسلیٹیشن سنٹر کا منفرد اعزاز

این او سی کے اجراء میں پنجاب میں دوسرا نمبر۔ سنٹر کے قیام کو ایک سال مکمل ہونے پر تقریب کا انعقاد



فیصل آباد (ملک بشیر احمد) کمشنر کمپلیکس فیصل آباد میں قائم بزنس فسلیٹیشن سنٹر کا منفرد اعزاز، این او سی کے اجراء میں پنجاب میں دوسرا نمبر۔ سنٹر کے قیام کو ایک سال مکمل ہونے پر تقریب کا انعقاد اور کیک کاٹا گیا۔ کمشنر مریم خان نے خصوصی شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر، قائمقام سی پی او عبدالوہاب بھی موجود تھے۔ سی ای او فیڈمک میاں جمیل احمد سمیت محکموں کے افسران اور کاروباری افراد موجود تھے کمشنر نے این او سیز جاری کرنے والے ٹاپ 4 محکموں کے افسران میں شیلڈز اور دیگر محکموں کے نمائندوں میں سرٹیفکیٹس تقسیم کیے۔ کمشنر نے کہا کہ کاروباری افراد کو ایک چھت تلے معیاری اور تیز رفتار سہولیات کی فراہمی میں بزنس فسلیٹیشن سنٹر کامیابی کی منازل کی جانب تیزی سے گامزن ہے۔ انہوں نے بتایا کہ سنٹر سے اب تک ایک سال میں کاروباری حضرات کو 5660 این او سیز کی اجراء ہو چکا ہے جبکہ 90، این او سیز تکمیل کے مراحل میں ہیں۔ ایک سال میں مختلف کاروبار سے وابستہ 9195، افراد نے سنٹر کا وزٹ کیا جو کہ ایک ریکارڈ ہے۔

تین افراد پہ مشتمل نوسر باز گروہ پورے شہر میں متحرک

سادہ لوح شہریوں کو جدید طریقوں سے لوٹنے میں مصروف نوسر باز پولیس کیلئے چیلنج بن گئے

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) تین افراد پہ مشتمل نوسر باز گروہ پورے شہر میں متحرک، گروہ میں ایک خاتون بھی شامل، سادہ لوح شہریوں کو جدید طریقوں سے لوٹنے میں مصروف نوسر باز پولیس کیلئے چیلنج بن گئے، تفصیلات کے مطابق پیپلز کالونی کا رہائشی غلام جعفر نامی نوجوان گوندلانوالہ روڈ پہ واقع حبیب بنک برانچ میں قائم اے ٹی ایم مشین سے رقم نکلوانے گیا تھا اسی اثناء میں ایک خاتون اور دو مرد بھی وہیں آگئے اور اے ٹی ایم مشین کا دروازہ زور زور سے بجایا جس پہ غلام جعفر نے گھبرا کر دروازہ کھول دیا۔ تینوں افراد نے اس سے دیری کی وجہ پوچھی جس پہ غلام جعفر نے بتایا کہ اس سے پن کوڈ نہیں لگ رہا ہے جس پہ ملزمان نے انتہائی ہوشیاری سے اس کا اے ٹی ایم کارڈ سکین کرلیا اور غلام جعفر سے کہا کہ اس کا کارڈ کام نہیں کر رہا اور وہ اپنے متعلقہ بنک سے رابطہ کرے۔ غلام جعفر مایوس ہو کر گھر واپس لوٹ آیا جبکہ ملزمان نے سکین شدہ کوڈ سے اس کے اے ٹی ایم سے دو لاکھ روپے نکال لئے اور رفو چکر ہو گئے۔

اوکاڑہ پولیس نے کاروائی کر کے بدنام زمانہ منشیات فروش اور ایک اشتہاری مفرور ملزم کو گرفتار کر لیا

بدنام زمانہ منشیات فروش قاسم سے 2 کلو سے زائد چرس برآمد کر کے اسے گرفتار کر لیا



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ پولیس نے کاروائی کر کے بدنام زمانہ منشیات فروش اور ایک اشتہاری مفرور ملزم کو گرفتار کر لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ اے ڈویژن اوکاڑہ کے ایس ایچ او رب نواز نے اپنی ٹیم کے ہمراہ کاروائی کر کے بدنام زمانہ منشیات فروش قاسم سے 2 کلو سے زائد چرس برآمد کر کے اسے گرفتار کر لیا جبکہ ایک مفرور اشتہاری ملزم شاہ وزیر کو بھی گرفتار کر کے مقدمات درج کر لئے ہیں۔

محکمہ سول ڈیفنس کی غیر قانونی ایل پی جی شاپس کے مالکان کے خلاف کاروائیاں

چیکنگ کے دوران ایس او پیز کی خلاف ورزی پر دکانداروں کے خلاف کاروائیاں کی



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) محکمہ سول ڈیفنس کی غیر قانونی ایل پی جی شاپس کے مالکان کے خلاف کارو

''قوت'' کا سبسکرائبر بنیں



تمام اشتہارات ٹیک نجی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636000

تبدیلی نام

میں نے اپنا نام سید آلہ اعوان سے آلہ آقا اعوان سے بدل کر سید آلہ اعوان سے آلہ آقا احمد کر لیا ہے میں نے میٹرک آباد پور پوڑ سے رول نمبر 202718 سال 2016 اور انٹرمیڈیٹ رول نمبر 532183 سال 2019 میں پاس کیا ہے پرانے تمبدیل کردہ نام اور موجودہ نام کا میرا کسی بھی بینک میں لیذ/ اکاؤنٹ بھے نام سے اکھاتہ/ پرانا ہے۔

(اشتہار: سید آلہ احمد ولد آلہ آقا احمد سکنہ نمبر 4 اے گلی نمبر 1 محلہ اولیاء ٹاؤن میاں امیر الدین پارک احمد نگر روڈ لاہور کینٹ۔

بقیہ 1

اور کسانوں کی حوصلہ افزائی کے لئے ایک اور بڑا قدم ہے۔ وزیراعلیٰ مریم اورنگزیب 9 فروری کو ''ہاریں اینڈ کسان کلچل 2025ء'' کا افتتاح کریں گی۔ ''ہاریں اینڈ کسان کلچل 2025ء'' کا عنوان ''اتحاد، ترقی اور خلوص کی بھلائی'' ہے۔ وزیراعلیٰ مریم اورنگزیب کی ہدایت پر ہاریں اینڈ کسان کلچل شو کا انعقاد ہوا تھا، آغوش بار ''ہاریں اینڈ کسان کلچل شو 1995 میں منعقد کیا گیا تھا۔ اس میں لاکھوں انسانوں کی شرکت سے ہونے والا ہاریں اینڈ کسان کلچل شو 9 سے 23 فروری 2025ء کو لاہور کے مختلف مقامات پر منعقد ہوگا۔ گھوڑوں اور پالتو جانوروں کے اس روایتی میلے میں کسان کو پالتو اور مفید جانوروں کی نمائش کا موقع ملتا ہے، اضافیت سے ان کی حوصلہ افزائی بھی کی جاتی ہے۔ ہاریں اینڈ کسان کلچل شو میں جدید زراعت، مویشی، پولٹری کے مقابلے ہوں گے، گھوسواری، ٹینٹ پیگنگ اور ثقافتی تہوار، پھولوں کی نمائش اور آرائش گل کے مقابلے بھی منعقد ہوں گے۔ 13 سے 23 فروری تک بچوں کی دلچسپی کے کھیل اور دیگر تفریحی تقریبات ہوں گی۔ پنجاب کے روایتی کھانوں، ثقافتی اور موسیقی کے فروغ کے لئے 14 سے 16 فروری تک موسیقی کے پانچ منفرد میلے سجائے جائیں گے۔ پنجاب کے صوفیوں، بزرگوں کو خراج عقیدت پیش کرنے اور ان کی تعلیمات کو عام کرنے کے لئے 19 فروری کو صوفی فیسٹیول بھی ہوگا۔ پنجاب کے روایتی کبڈی کے کھیلوں کے مقابلے 18 اور 19 فروری کو ہوں گے۔ شاہ کاڑیوں کے خوبصورت افراد کے لئے 16 سے 18 فروری کو ہوگا۔ وزیراعلیٰ مریم اورنگزیب نے کہا کہ ہاریں اینڈ کلچل شو کسانوں سمیت پنجاب کے ہر طبقے کے لوگوں کے لئے تفریح کا بہترین ذریعہ ہے، پنجاب کے کلچر اور ثقافت کو فروغ دینے کے لئے ہم اپنے ثقافتی تہوار کو فروغ دینے کا عزم کئے ہوئے ہیں۔ 30 سال بعد عالمی ٹیموں کی شرکت سے ہاریں اینڈ کلچل شو کو مکمل منفرد بنایا گیا ہے، وزیراعلیٰ مریم اورنگزیب نے کہا کہ پنجاب کی زراعت اور ثقافتی ورثہ کو فروغ دینے کا عزم ہے، ہاریں اینڈ کسان کلچل شو کا مقصد ہمارے کسان بھائیوں کو ایک پلیٹ فارم مہیا کرنا ہے۔

بقیہ 2

اور ان کا رہن سہن، ثقافتی تقریب میں سٹیٹ بنک گلف خان نے مقامی لوگوں کے حوالے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب آسمبلی میں 7 اور 8 فروری کو پاکستان کی تاریخ کے سب سے بڑی پی ایس ایف کلچرل منعقد ہوگا، جس میں سنگر، موسیقی، ڈانس، اون، اور ثقافتی دیگر کئی امور مطالعات منعقد ہونگے۔ پنجاب اسمبلی میں پہلی انٹرنیشنل اور جنوب مشرق ایشیا کی پہلی پی ایس ایف کلچرل سے عالمی پارلیمانی تہوار کی ابتدا ہونے جارہا ہوں۔ یہ کلچرل پاکستان کے پارلیمانی تہوار کی ابتدا ہوں۔ یہ کلچرل پاکستان کے پارلیمانی تہوار کی ابتدا ہوں۔ اس میں 18 افواج کے اہلکار اور سیاستدان شرکت کریں گی، جس میں 13 بلوچرز، 18 پی ایس ایف کے تاریخی اہلکار اور ایک جنریز شامل ہوں گے۔ پنجاب اسمبلی کے تاریخی ایوان میں

بقیہ 3

خوداردایت کے لیے ان کی جدوجہد میں پاکستان کی غیر حزبی حمایت کا اعادہ کیا، مگر کے لیے اقوام متحدہ کی ساتھی کونسل کے حقیقت قرارداد کی مسلسل خلاف ورزیوں سے نمٹنے کے لیے بین الاقوامی اقدامات کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ یہاں میں کہا گیا کہ فوری طور پر بھارتی فوجی قیادت کے حالیہ جارحانہ اور دھمکی آمیز بیانات کا بھی سخت نوٹس لیا اور انہیں غیر ذمہ دارانہ اور علاقائی استحکام کے لیے نقصان دہ قرار دیا۔ ترجمان پاکستان کا پہلا پرزور اور دوٹوک ردعمل سامنے آیا ہے۔ بھارتی فوج

5 فروری مظلوم کشمیریوں سے تجدید عہد کا دن ہے، ضیاء الدین انصاری

کشمیر کی پاکستان کی شہ رگ ہے اور پوری پاکستانی قوم کشمیریوں کیساتھ کھڑی ہے، جماعت اسلامی کے زیر اہتمام 5 فروری یوم یکجہتی کشمیر کیموقع پر پہنچیں گے، امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن کریں گے اور خصوصی خطاب کریں گے۔ مارچ

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ 5 فروری مظلوم کشمیریوں سے تجدید عہد کا دن ہے۔ جماعت اسلامی کے زیر اہتمام 5 فروری یوم یکجہتی کشمیر کیموقع پر یکجہتی کشمیر مارچ ہوگا۔ مارچ میں صبح 11 بجے اسٹیٹ بنک سے لکر جیترک کراس تک ہوگا۔ یکجہتی کشمیر مارچ کی قیادت امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن کریں گے اور خصوصی خطاب کریں گے۔ مارچ میں اہل لاہور کے ہزاروں کی تعداد میں مرد وخواتین اور بچے بھی شرکت کرکے پوری دنیا کو پیغام دیں گے کہ کشمیری مسلمانوں کی جدوجہد میں ان کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں وہ تنہا نہیں ہیں۔ اہل لاہور سے اپیل کرتے ہیں وہ 5 فروری کو مال روڈ یکجہتی کشمیر مارچ اپنے اہل خانہ اور دوستوں کیساتھ شرکت کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے یکجہتی کشمیر مارچ کے سلسلے میں سیکرٹریٹ میں جاری تیاریوں کے سلسلے میں منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں ضلعی امراء، منتظمہ، شعبہ جات کے ذمہ داران نے شرکت کی۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 36)



لاہور: امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ کو مجد شہداء مال روڈ پر 5 فروری یکجہتی کشمیر مارچ کی تیاریوں کے حوالے سے میڈیا کو بریفنگ دے رہے ہیں

کرم، شدت پسندوں نے پولیس کی خالی چیک پوسٹیں مسمار کر دیں

سطی کرم کے علاقے میں شدت پسندوں نے پاکستانی پرچم کو اتار کر اپنی جھنڈا بھی پھہرا دی پرلگا دیا، ویڈیو بھی جاری

اس چیک پوسٹ کو عارضی طور پر خالی کر دیا گیا تھا، چیک پوسٹ لوٹنے اور جلانے کے الزام میں دس سے زائد افراد کو پکڑ لیا گیا ہے، پولیس

کرم (این این آئی) سطی کرم کے علاقے مرغان کوٹلی میں شدت پسندوں نے پولیس کی خالی چیک پوسٹ کو مسمار کرنے کی ویڈیو جاری کردی۔

پولیس کے مطابق چند روز قبل اس چیک پوسٹ کو عارضی طور پر خالی کر دیا گیا تھا۔ ویڈیو میں شدت پسندوں کو خالی چیک پوسٹ کو مسمار کرتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے، شدت پسندوں نے پاکستانی پرچم کو اتار کر اپنی جھنڈا بھی پھہرا دی پر لگا دیا۔ پولیس کے مطابق چیک پوسٹ کو دوبارہ آگ لگا دی گئی۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 34)

سات اکتوبر حملہ کی منصوبہ بندی کی دستاویز نے اسرائیل کو ہلا کر رکھ دیا

فیصلہ حماس کے 25 رہنماؤں میں دو ہفتے قبل تقسیم کر دیا گیا، اسرائیلی سیکورٹی کو علم نہ ہو سکا

تل ابیب (این این آئی) حماس کی ایک خفیہ دستاویز میں سات اکتوبر 2023 کے حملے کے فیصلے کی تاریخ اور اس فیصلے کو چلانے والے 25 رہنماؤں میں تقسیم کیے جانے والے حملے کی تفصیلات سامنے آئی ہیں۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق دستاویز میں حملے کی منصوبہ بندی کی تفصیلات درج ہیں۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق دستاویز میں حملے کی تاریخ اور اس فیصلے کو چلانے والے 25 رہنماؤں کے نام درج ہیں۔ دستاویز میں حملے کی تاریخ اور اس فیصلے کو چلانے والے 25 رہنماؤں کے نام درج ہیں۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق دستاویز میں حملے کی تاریخ اور اس فیصلے کو چلانے والے 25 رہنماؤں کے نام درج ہیں۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 63)



ناروے میں گورنمنٹ ہائی سکول ناروے میں منعقدہ یوم یکجہتی کشمیر کی تقریب میں طالبات ٹیبلو پیش کر رہے ہیں

اسلامی تربیت دینی مدارس کا بنیادی کردار ہے، چوہدری سالک حسین

مدارس وہ مراکز ہیں جن سے مسلک رہ کر مسلمان اپنے دین کی حفاظت اور عقائد کو درست کر سکتے ہیں وفاقی وزیر مذہبی امور

دینی مدارس اسلام کے قلعے، ہدایت کے سرچشمے، دین کی پناہ گاہیں واشاعت دین کا ذریعہ اور دنیا کی سب سے بڑی این جی اوز ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مذہبی امور بین المذاہب ہم آہنگی چوہدری سالک حسین نے کہا ہے کہ بلاشبہ اسلام کی ترویج واشاعت میں دینی مدارس، مساجد اور علما کرام کا بنیادی اور کلیدی کردار رہا ہے، مدارس دور حاضر میں بھی مسلک رہ کر مسلمان اپنے دین کی حفاظت اور عقائد کو درست کر سکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو وفاق المدارس کے زیر اہتمام امتحانی مرکز جامعہ محمدیہ کے دورے کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 46)

لاہور: وزارت قومی صحت و آبادی کی آٹھ رکنی ٹیم آف کنسلٹنٹس کا پاپولیشن ہاؤس پنجاب کے دورے کے موقع پر ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر شمن رائے ٹیم لیڈر پروفیسر ثمین صدیقی و دیگر افسران کے ہمراہ گروپ فوٹو

پروفیسر ثمین صدیقی کی سربراہی میں آٹھ رکنی ٹیم آف کنسلٹنٹس کا پاپولیشن ہاؤس کا دورہ

شمن رائے و دیگر افسران نے ٹیم کا خیر مقدم کیا، ووفاقی حکومت کا ادارہ صحت و آبادی کونسل ایک نئی قومی صحت و آبادی پالیسی تیار کرے گا

قومی صحت ڈویژن نے پاکستان کے وفاقی و صوبائی آبادی و صحت کے شعبوں کے لیے ایک متحدہ فریم ورک فراہم کیا

ڈاکٹر طالب لاشاری، طیب مسعود، ڈاکٹر صائمہ حمید، ڈاکٹر ثمرین یزدانی، ڈاکٹر فرحان الدار شامل، ڈائریکٹر جنرل ملک خالد بخاری کنسلٹنٹس شامل تھے۔ ڈائریکٹر جنرل شمن رائے و دیگر افسران نے ٹیم کا خیر مقدم کیا۔ اس دورے کا مقصد وزارت قومی صحت سرحد سرحد کی ٹیم کے دورے کا مقصد صحت و آبادی کونسل کو مشاورت فراہم کرنا تھا۔ ٹیم نے پنجاب کے صحت اور آبادی کے محکموں کے سینئر حکام کے ساتھ مشاورت کے دوران قومی صحت وبین کے سلسلہ میں جائزہ لیا۔ اس دورے کا مقصد وزارت قومی صحت سرحد سرحد کی ٹیم کے دورے کا مقصد بین الوزارتی صحت و آبادی کونسل ایک نئی قومی صحت و آبادی پالیسی تیار کرے گی۔ یہ پالیسی ملک بھر کے صحت وبین کے سلسلہ میں جائزے کا جائزہ لے گی۔ مشاورت کے دوران قومی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 37)



لاہور: وزارت قومی صحت و آبادی کی آٹھ رکنی ٹیم آف کنسلٹنٹس کا پاپولیشن ہاؤس پنجاب کے دورے کے موقع پر ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر شمن رائے ٹیم لیڈر پروفیسر ثمین صدیقی و دیگر افسران نے کا گروپ فوٹو

کشمیر میں انسانی حقوق کی بدترین خلاف ورزیاں ہو رہی ہیں: رمیش سنگھ اروڑہ

ہم کشمیریوں کی سفارتی حمایت جاری رکھیں گے، صوبائی وزیر اقلیتی امور

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر برائے اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ نے قنصل جنرل آف انڈیا کے ایک بیان میں کیا کہ کشمیری لوگ دہائیوں سے بدترین کرفیو کا سامنا کر رہے ہیں، جو کہ کشمیر پر اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قرارداد کی خلاف ورزی ہے۔ درحقیقت بھارت ہمیشہ ایک زمین ہڑپنے والے باغی کی طرح برتاؤ کرتا آیا ہے، نہ کہ ایک جمہوریت۔ انہوں نے کہا کہ یہ مزاحاً کہے کہ دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت اپنے شہریوں کیخلاف ہونے والے مظالم کو نظر انداز کرنے کا دعویٰ کیسے کر سکتی ہے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ 5 فروری کا دن ہمیں کشمیریوں کے ساتھ مکمل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 38)

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی پولیس ملازمین اور انکے اہلخانہ سے ملاقات

آئی جی پنجاب نے پولیس ملازمین کے مسائل سنے، فوری ریلیف کیلئے احکامات جاری کر دیئے

لاہور (خبر نگار) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے پولیس ملازمین اور انکے اہلخانہ سے سنٹرل پولیس آفس میں ملاقات کی۔ آئی جی پنجاب نے پولیس ملازمین کے مسائل سنے اور فوری ریلیف کیلئے احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق اضافی کانسٹیبل محمد شہباز کی پروموشن پر ڈی پی او شیخوپورہ کو ادوارے ایس ایس پی اقبال محمود کو پرموشن کی سفارش کی درخواست پر ایس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 41)



آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور پولیس ملازمین اور انکے اہلخانہ سے ملاقات میں درخواستوں پر ریلیف کے احکامات جاری کر رہے ہیں

پنجاب میں ہیضے کی کاشت کا رقبہ 13 ہزار ایکڑ سے زائد ادوار پیدا

59 ہزار ٹن سے تجاوز کر گئی

مکاؤ (این این آئی) فیصل آباد ڈویژن سمیت پنجاب کے مختلف اضلاع میں ہیضے کی اوسط پیداوار 120 من فی ایکڑ تک پہنچ گئی جبکہ گزشتہ سال 13 ہزار ایکڑ رقبہ زیر کاشت تھا جو اس سال بڑھ کر 59 ہزار ٹن پیداوار حاصل ہوئی۔ محکمہ زراعت توسیع فیصل آباد کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر عامر صدیق نے بتایا کہ ہیضے موسم آباد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 43)

پاکستان میں کیو آر کوڈ ادائیگی کے نظام کو اپنانے کی ضرورت ہے، علی عمران آصف

لاہور (این این آئی) سینئر ایگزیکٹو مقیم لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری علی عمران آصف نے کہا ہے کہ پاکستان میں کیو آر کوڈ ادائیگی کے نظام کو اپنانے کی ضرورت ہے، کیو آر کوڈ یعنی ای انوائسنگ کا کامیاب نفاذ ہر شعبہ کیلئے فائدہ مند ثابت ہوگا اور اس سے ٹیکس کی وصولی کے عمل کو آسان بنانے کے ساتھ ساتھ ٹیکس چوری کے رجحان کو بھی کم کیا جا سکے گا۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 62)

غزہ میں فلسطینیوں کی نسلی صفائی کی تیاری کی جا رہی ہے، ایران

بین الاقوامی برادری کو اس حوالے سے اپنی ذمہ داریاں ادا کرنا چاہئیں، ترجمان خارجہ

تہران (این این آئی) ایران نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے غزہ سے فلسطینیوں کو پڑوسی ملکوں میں منتقل دینے کے منصوبے کو غزہ سے فلسطینیوں کی نسلی تطہیر کا منصوبہ قرار دیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ہی بات ایران کی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے ایک بیان میں کہی۔ ایرانی ترجمان نے کہا کہ بین الاقوامی برادری فلسطینیوں کو اس نسلی تطہیر سے بچانے کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 42)



لاہور: پنجاب اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر احمد خان بھچر، رکن اسمبلی فرخ جاوید مون وبگر کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

مراکش کشتی حادثہ، 13 پاکستانیوں کی لاشوں کی شناخت مکمل

میتوں کی شناخت کیلئے فنگر پرنٹ اور تصاویر نادرا کو بھیجوائی گئی تھیں، ملنے والی لاشیں نا قابل شناخت، بقیہ دستاویزات کے تعین، ذرائع

سفیان علی سجاد، علی، ریئس افضل، قصین حیدر، محمد وقاص، محمد اکرم، محمد ارسلان، حامد شہزاد، قیصر اقبال، دانش رحمٰن، محمد سجاول، شہزاد احمد، احتشام شامل

اسلام آباد (این این آئی) امراکش کشتی حادثے میں ملنے والی 13 لاشوں کی شناخت مکمل ہو گئی۔ ذرائع کے مطابق 13 لاشوں کی شناخت پاکستان سے ثابت ہوئی ہے۔ سفیان علی ولد جاوید اقبال کی شناخت ہوئی ہے جس کا پاسپورٹ نمبر VF1812352 ہے۔ سجاد علی ولد محمد نواز کی بھی شناخت ہوئی ہے جس کا پاسپورٹ نمبر XX 1836111 ہے۔ ذرائع کے مطابق ریس افضل ولد محمد افضل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 64)

نیتن یاہو سے مغربی کنارے کے بعض حصے شامل کرنے پر بات ہوگی، ٹرمپ

خواجہ سراؤں کا احتجاج، ہلاکوں پر مقدمہ درج کرنے کا مطالبہ

اسرائیل ایک چھوٹا سا ملک ہے اور اس میں تو بدلی آنی چاہیے، امریکی صدر کی گفتگو

مطابق امریکی صدر نے یہ بات یقین باہو سے ملاقات سے قبل وائٹ ہاس میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ ٹرمپ کا کہنا تھا کہ اسرائیل ایک چھوٹا سا ملک ہے اور اس میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 65)



راولپنڈی: ڈی ایچ اے کے ملازمین شہری خواصورتی کیلئے دیواروں پر پاکستان کے نقشے کی تصاویر آویزاں کر رہے ہیں

پشاور، محفل موسیقی میں پولیس کا چھاپہ، خواجہ سراؤں سمیت 11 گرفتار

پشاور (این این آئی) پشاور کے علاقہ توتہ میں محفل موسیقی میں پولیس کے چھاپے مارنے پر خواجہ سراؤں کی جانب سے احتجاج کیا گیا۔ خواجہ سرا توتہ پولیس چوکی میں دائی ہو گئے اور الزام لگایا کہ پولیس نے ہم پر ناحق لڑائی کے بعض حصوں کو اسراسٹیج میں ہم کرنے کی بات کریں گے۔ میڈیا پر کرس کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 66)

ادکارہ، وائس ایپ پر ڈکٹیٹر کی جھوٹی پوسٹ، پیکا ایکٹ کے تحت مقدمہ درج

ادکارہ (این این آئی) ادکارہ میں سوشل میڈیا پر ڈکٹیٹر کی جھوٹی پوسٹ وائرل کرنے پر مقدمہ درج کرایا گیا۔ پولیس کے مطابق طرم نے وائس ایپ گروپ میں ڈکٹیٹر کی جھوٹی پوسٹ وائرل کی تھی۔ سب انسپکٹر مدیحت میں پیکا ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ اس سے قبل مظفر گڑھ میں سوشل میڈیا پر مذہبی منافرت پھیلانے کے الزام میں ایف آئی اے سائبر کرائم ونگ نے پیکا ایکٹ کے تحت پہلا مقدمہ درج کیا تھا۔ سوشل میڈیا پر توہین مذہب کی جھوٹی پوسٹ کی ایک خاتون کی جان کو خطرے میں ڈالنے والے طرم کو ایف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 67)

کوئٹہ، زرغون روڈ پر ٹریفک جام، گیٹ سے ٹکرا کر، ایک ہلاک جاں بحق

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں زرغون روڈ پر ڈمپر کے تابو ہو کر ریڑھ زون کے گیٹ سے ٹکرا گیا۔ پولیس کے مطابق حادثے میں ایک پولیس اہلکار جاں بحق جبکہ ڈمپر کے ڈرائیور کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق ڈمپر ٹکرانے سے ریڑھ زون کا گیٹ ٹوٹ گیا ہے۔ جاں بحق اہلکار کی لاش کو پوسٹمارٹم کیلئے ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق حادثے میں ایک پولیس اہلکار جاں بحق (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 69)

انتخابات کے انعقاد میں پانچ سال لگ سکتے ہیں، شامی صدر

شام ایک جمہوریہ کے طور پر کام کرے گا، جس میں ایک متفقہ اور ایک انتظامیہ ہوگی، اناطولیہ

دمشق (این این آئی) شام کے صدر احمد الشرع نے کہا کہ میرے اندازے کے مطابق نے انتخابات کے انعقاد کے لیے پانچ سال لگ سکتے ہیں۔ انہوں نے اس امر کا اظہار شام میں چار سے پانچ سال کا وقت لگ سکتا ہے۔ شامی صدر نے کہا کہ دوت ڈالنے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 70)

ٹرمپ انتظامیہ اسرائیل کو 1 ارب ڈالر کے ہتھیار فروخت کرنے کو تیار

اسرائیل کی ضرورتوں کے پیش نظر ہتھیاروں کی فروخت کی منظوری کے لیے کانگریس سے رجوع کرلیا

واشنگٹن (این این آئی) غزہ میں جنگ بندی کے محض دو ہفتے کے اندر اندر امریکی ٹرمپ انتظامیہ نے اسرائیل کی ہتھیاروں کی اگلی ضرورتوں کے پیش نظر اسرائیل کو ہتھیاروں کی فروخت کی منظوری کے لیے کانگریس سے رجوع کرلیا ہے۔ اس امر کی اطلاع امریکی اخبار نے دی، اسرائیل کو فوری اسالٹ گیپ کی مالیت ایک ارب ڈالر ہوگی۔ یہ ہتھیاروں کی اس کھیپ میں 4700 کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 68)

کوئٹہ میں کیو آر کوڈ ادائیگی کا نظام متعارف

کوئٹہ (این این آئی) کمشنر کوئٹہ ڈویژن ڈاکٹر کاظم نیاز نے کیو آر کوڈ ادائیگی کا نظام متعارف کرا دیا۔